www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار ...

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ

ABC Certified

پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 27 مارچ 2026ء بمطابق 07 شوال 1447ھ | شمارہ 241 | قیمت 10 روپے

پاکستان کی امریکا ایران مذاکرات میں ثالثی کی تصدیق

بالواسطہ بات چیت جاری ہے، نائب وزیراعظم

موجودہ پیچیدہ حالات میں مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد راستہ ہے جس کے ذریعے خطے میں پائیدار امن کو یقینی بنایا جاسکتا ہے

فریقین کے مابین پیغامات پہنچائے جارہے ہیں اور اس تناظر میں امریکا نے 15 نکات پیش کئے ہیں جن پر ایران غور کررہا ہے

امریکا اور ایران کے درمیان بالواسطہ بات چیت جاری ہے، پاکستان اس اہم عمل میں ایک ثالث کا کردار ادا کررہا ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پاکستان نے امریکا اور ایران مذاکرات میں ثالثی کی تصدیق کر دی۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مشرق وسطی میں جاری تنازع کے خاتمے کیلئے مذاکرات سے متعلق میڈیا میں موجود غیر ضروری قیاس آرائیوں کی تردید کرتے ہوئے تصدیق کی ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان بالواسطہ بات چیت جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اس اہم عمل میں ایک ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے، جہاں فریقین کے مابین پیغامات پہنچائے جا رہے ہیں اور اس تناظر میں امریکا نے 15 نکات پیش کئے ہیں جن پر ایران غور کر رہا ہے۔وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ اس امن اقدام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے برادر اسلامی ممالک ترکیہ اور مصر سمیت دیگر ریاستیں بھی بھرپور تعاون فراہم کر رہی ہیں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

سول و عسکری قیادت کا معیشت، توانائی اور سیکورٹی سے متعلق مشترکہ فیصلوں پر اتفاق

صدر مملکت کی زیر صدارت اہم اجلاس، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر توانائی علی پرویز ملک اور وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ بھی شریک ہوئے

اجلاس میں عالمی سطح پر تیل وگیس کی فراہمی اور قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے پاکستان کی معیشت پر اثرات کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کے شرکاء نے مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے اور توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سول وعسکری قیادت نے معاشی نظم و نسق، توانائی منصوبہ بندی، فوڈ سکیورٹی اور سکیورٹی پالیسیز کو ہم آہنگ رکھنے پر اتفاق کیا، حکومتی فیصلوں میں عوامی مفاد کو مقدم رکھنے اور معاشی و توانائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کیا گیا۔نجی ٹی وی کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت ایوان صدر میں اعلی سطح کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیر داخلہ محسن رضا نقوی، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر توانائی علی پرویز ملک اور وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ بھی شریک ہوئے۔اجلاس میں عالمی سطح پر تیل وگیس کی فراہمی اور قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے پاکستان کی معیشت پر اثرات کا جائزہ لیا گیا۔شرکا نے مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے اور توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی۔اجلاس میں وزارت خزانہ اور پیٹرولیم نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں استحکام لانے، مہنگے ایندھن کے دیگر شعبوں پر اثرات کو کم کرنے اور اخراجات میں کمی کیلئے کفایت شعاری اقدامات جاری ہیں۔اجلاس میں خطے کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

وزیراعظم کی صدر مملکت سے ملاقات، مشرق وسطی سمیت اہم امور پر مشاورت

ملاقات میں وزیراعظم کی صدر کو خطے کی بدلتی صورتحال اور ثالثی کے معاملات پر بریفنگ دی گئی

ملاقات میں ملکی سلامتی، قومی معاشی وسیاسی صورتحال پر بھی مشاورت ہوئی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی جس میں مشرق وسطی سمیت اہم امور پر مشاورت کی گئی۔وزیراعظم شہباز شریف نے ایوان صدر اسلام آباد میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی، نائب .....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

وزیراعظم شہباز شریف سے چین کے پاکستان میں سفیر جیانگ زائیڈونگ ملاقات کر رہے ہیں

ملک کیخلاف پروپیگنڈا ناقابل برداشت، ایسی حرکتیں کرنے والوں کو شرم آنی چاہیے

عطا تارڑ

مشرق وسطی کی صورتحال میں پاکستان کا کلیدی کردار اب واضح طور پر سامنے آرہا ہے، عالمی برادری سفارتی کوششوں کو تسلیم کررہی ہے

پاکستان دنیا میں موثر اور بھرپور آواز کے طور پر سامنے آیا اور جنیوا اجلاس میں غیر معمولی صورتحال دیکھنے میں آئی، عطا تارڑ

کوئی سیاسی لیڈر ملک سے بڑا نہیں، تنقید سب کا حق ہے، لیکن ملک کا وقار داؤ پر نہیں لگایا جاسکتا، پریس کانفرنس سے خطاب

قومی مفاد سب سے مقدم ہے اور کوئی سیاسی جماعت یا شخصیت ملک سے مقدم نہیں ہوسکتی،، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں ملک کے خلاف پروپیگنڈا ناقابل برداشت ہے، ایسی حرکت کرنے والوں کو شرم آنی چاہیے۔اسلام آباد میں پریس کانفرنس کے دوران عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ مشرق وسطی کی صورتحال میں پاکستان کا کلیدی کردار اب واضح طور پر سامنے آ رہا ہے جبکہ عالمی برادری پاکستان کی سفارتی کوششوں کو تسلیم کر رہی ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سفارتی محاذ پر پاکستان کا لوہا منوایا، جبکہ ہمسایہ ملک بھارت پاکستان کی سفارتی کامیابیوں سے پریشان ہے۔وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ پاکستان دنیا میں مؤثر اور بھرپور آواز کے طور پر سامنے آیا اور جنیوا اجلاس میں غیر معمولی صورتحال دیکھنے میں آئی۔انہوں نے واضح کیا کہ کوئی سیاسی لیڈر ملک سے بڑا نہیں، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

پاکستان کا خطے میں کشیدگی کم کرنے اور جنگ بندی پر زور

پاکستان مشرق وسطی میں قیام امن کیلئے بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، طاہر حسین اندرابی

وزیراعظم شہباز شریف مختلف ممالک کے سربراہان سے مسلسل رابطے میں ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)دفتر خارجہ نے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور جنگ بندی پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کیلئے کردار ادا کررہا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان مشرق وسطی میں قیام امن کیلئے بھر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

وزیراعظم شہباز شریف ہاؤسنگ اور تعمیراتی سرمایہ کاری پر جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران جنگ کے نتائج اتنے ہی سنگین ہوسکتے ہیں جتنے کورونا وبا کے تھے، صدر پیوٹن

ماسکو(ویب ڈیسک)روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا کہ مشرق وسطی تنازع کے نتائج کی درست پیشگوئی کرنا مشکل ہے۔ایران جنگ کے نتائج اتنے ہی سنگین ہو سکتے ہیں جتنے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کے بچوں نے پاکستان کیخلاف کچھ نہیں کہا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ عمران خان کے بچوں نے جنیوا میں پاکستان کے خلاف کچھ نہیں کہا ہے۔گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

ابوظہبی: میزائل انٹرسیپٹ ملبہ گرنے سے پاکستانی سمیت 2 افراد جاں بحق

ملبہ سویحان سٹریٹ پر گرا، جس کے نتیجے میں جانی نقصان اور زخمیوں کے علاوہ کچھ گاڑیاں بھی متاثر ہوئیں

ابوظہبی (ویب ڈیسک)ابوظہبی میں متعلقہ حکام نے سویحان سٹریٹ پر گرنے والے ملبے کے واقعے پر فوری ردعمل دیا، جہاں ایک پاکستانی سمیت 2 افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے۔وام کے مطابق یہ واقعہ فضائی دفاعی نظام کی جانب سے ایک بیلسٹک میزائل کو کامیابی سے انٹرسیپٹ کیے جانے کے بعد پیش آیا جبکہ متعدد گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔ابوظہبی میڈیا آفس کے مطابق واقعے کے فوراً بعد متعلقہ ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور امدادی، حفاظتی اور انتظامی کارروائی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

امریکا مختلف ثالثوں کے ذریعے پیغامات بھیج رہا ہے، عباس عراقچی

تہران اور واشنگٹن کے درمیان اس وقت کوئی مذاکرات نہیں ہورہے، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (ویب ڈیسک)ایک بیان میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ امریکا مختلف ثالثوں کے ذریعے پیغامات ضرور بھیج رہا ہے، تاہم اسے مذاکرات قرار نہیں دیا جا سکتا۔عباس عراقچی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ایران جنگ کا خواہاں نہیں اور تنازع کے مستقل خاتمے کا خواہش مند ہے جبکہ تہران جنگ سے ہونے والی تباہی کے ازالے کیلئے معاوضے کا بھی مطالبہ کر رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ امریکا اپنے فوجی اڈے رکھنے کے باوجود خطے کے ممالک کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام .....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

مسلمان مرد شرعی طور پر اہل کتاب خواتین کیساتھ نکاح کرسکتے ہیں، وفاقی آئینی عدالت

کم عمری کی شادی پر سزا ہوسکتی ہے نکاح ختم نہیں ہوسکتا، چائلڈ میرج ایکٹ 1929 میں نکاح ختم ہونے کا کوئی ذکر موجود نہیں

آئینی تشریح کے لیے حتمی فورم وفاقی آئینی عدالت ہی ہے، سپریم کورٹ سمیت تمام عدالتیں آئینی عدالت کا حکم ماننے کی پابند ہیں

کیس کی سماعت کے دوران وفاقی آئینی عدالت نے ماریہ بی بی کا قبول اسلام اور شہریار نامی لڑکے سے نکاح درست تسلیم کرلیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے کم عمری میں شادی کے نکاح کے حوالے سے اہم فیصلہ جاری کردیا اور کہا ہے کہ مسلمان مرد شرعی طور پر اہل کتاب خواتین کے ساتھ نکاح کرسکتے ہیں۔ ذرائع کے وفاقی آئینی عدالت نے 18 سال سے کم عمر کی لڑکیوں کی مسلمان لڑکوں سے شادی پر اہم فیصلہ جاری کردیا جس میں کہا ہے کہ چائلڈ میرج ایکٹ 1929 کے تحت کم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

ایران نے 15 نکاتی امریکی تجاویز کا جواب بھجوادیا

امریکی تجاویز صرف امریکا اور اسرائیلی مفاد میں ہیں، ایرانی عہدیدار

تہران (ویب ڈیسک)ایران نے 15 نکاتی امریکی تجاویز کا باضابطہ جواب بھجوا دیا ہے، ایران اب امریکا کے ردعمل کا انتظار کر رہا ہے۔ ایرانی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق ایران نے ثالث کاروں کے ذریعے گذشتہ رات تجاویز کا جواب بھجوایا۔ دوسری جانب ایران کے اعلی عہدیدار نے برطانوی خبر ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے ذریعے ملی امریکی تجاویز کا جائزہ لیا۔ ایران کا ماننا ہے کہ امریکی تجاویز یکطرفہ اور غیر منصفانہ ہیں۔ایرانی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

جے شنکر کے پاکستان مخالف غیر مہذب بیان پر بھارت میں کڑی تنقید

جے شنکر کا حالیہ بیان روس اور یوکرین کے درمیان ثالثی کی خواہش والے بیان سے یکسر متصادم ہے

حالیہ خلیجی بحران میں بھارت کو مرکزی کردار نہ ملنا بھارت کی سفارتی ناکامی ہے، عالمی ماہرین

نئی دہلی(ویب ڈیسک)جے شنکر کے پاکستان مخالف غیر مہذب بیان پر بھارت میں کڑی تنقید، جے شنکر کے پاکستان مخالف غیر مہذب بیان پر بھارت میں کڑی تنقید، سفارتی زبان اور پالیسی پر سوالات اٹھ گئے۔ بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کو پاکستان مخالف حالیہ غیر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر اپریل کے بعد تک کیلئے کافی ہیں، بریفنگ

باہمی رابطہ کاری کو مضبوط بنائیں اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے، نائب وزیراعظم کی متعلقہ وزارتوں اور تمام متعلقہ حکام کو ہدایت

عوام کی سہولت کے لئے پیٹرولیم مصنوعات کی وافر سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں، وزیر خارجہ اسحاق ڈار

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیر خارجہ کو بریفنگ میں حکام نے بتایا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر اپریل کے بعد تک کی ضروریات کے لیے کافی ہیں۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مشرق وسطی کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر کا جائزہ لینے اور تیاریوں کو پرکھنے کے لیے اہم اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس کے دوران اسحاق ڈار کو بریفنگ دی گئی کہ ملک میں اس وقت پیٹرولیم مصنوعات کے وافر ذخائر موجود ہیں جو اپریل اور اس کے بعد کے مہینوں کی ملکی طلب کو پورا کرنے کے لیے کافی ہیں۔نائب وزیراعظم نے موجودہ سپلائی پوزیشن پر اطمینان کا اظہار کیا اور متعلقہ وزارتوں اور تمام متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ باہمی رابطہ کاری کو مضبوط بنائیں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

صدر آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف ایوان صدر میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی موجود ہیں

ڈیل کا وقت گزر رہا ہے، ایران کو دیر ہونے سے پہلے سنجیدہ ہونا ہوگا، ٹرمپ

ایرانی مذاکرات کار بہت مختلف اور عجیب ہیں، وہ مذاکرات کی بھیک مانگ رہے ہیں، انہیں ایسا کرنا بھی چاہیے کیوں کہ وہ فوجی طور پر تباہ ہوچکے ہیں

ایرانی خوف زدہ ہیں، کوئی سپریم لیڈر بننے کو تیار نہیں، ایرانی لیڈر سے کہو کہ سپریم لیڈر بن جاؤ تو وہ شکریہ کے ساتھ انکار کردیتا ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو جلد مذاکرات کرنے کی وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیل کا وقت گزر رہا ہے۔ٹرتھ سوشل پر ٹرمپ نے لکھا کہ ایرانی مذاکرات کار بہت مختلف اور عجیب ہیں، وہ مذاکرات کی بھیک مانگ رہے ہیں، انہیں ایسا کرنا بھی چاہیے کیوں کہ وہ فوجی طور پر تباہ ہو چکے ہیں اور ان کی واپسی کا کوئی امکان بھی نہیں ہے، لیکن پھر بھی وہ عوام میں کہہ رہے ہیں کہ ایران امریکی تجاویز کو صرف دیکھ رہا ہے۔ ٹرمپ کے مطابق یہ ٹھیک نہیں، ایران کو دیر ہونے سے پہلے سنجیدہ ہو جانا ہوگا، کیوں کہ جب وقت گزر گیا تو پھر کچھ نہیں ہوگا، جو ہوگا وہ اچھا نہیں ہوگا۔واشنگٹن میں اپنی جماعت ریپبلکن پارٹی کے فنڈ ریزنگ ایونٹ میں خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعوی کیا کہ ایرانی خوف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

انصاف تک رسائی کیلئے ٹیکنالوجی اور بہتر کیس مینجمنٹ کے اقدامات کا آغاز

اسلام آباد(ویب ڈیسک)انصاف تک رسائی کیلئے ٹیکنالوجی اور بہتر کیس مینجمنٹ کے اقدامات کا آغاز ہوگیا، سپریم کورٹ نے ویڈیو لنک کے ذریعے سماعتوں اور کیس مینجمنٹ کے جدید طریقوں کو یکجا کر دیا۔سپریم کورٹ کی جانب .....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے سہیل آفریدی کے خلاف ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات اور ساکھ متاثر کرنے کے کیس میں عدم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

کوئٹہ میں بارش کے بعد کا خوبصورت منظر کی تصویر

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ ABC Certified
پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفی
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

چین کی پاکستان اور افغانستان کو مذاکرات کی تجویز

خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں چین نے پاکستان اور افغانستان کو تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی سے ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران دونوں ممالک پر زور دیا کہ وہ فوری جنگ بندی اور کشیدگی میں کمی کی جانب قدم بڑھائیں۔ چین کے افغان امور کے خصوصی ایلچی بھی اس سلسلے میں دونوں ممالک کے درمیان رابطوں اور ممکنہ ثالثی کے لیے متحرک ہیں۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیادی خصوصیت یہ رہی ہے کہ اس نے ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن تعلقات کو ترجیح دی ہے اور کسی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھے۔ تاہم جب بھی پاکستان کی خودمختاری یا شہریوں کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہوا، اس نے موثر اور فیصلہ کن جواب دیا۔ گزشتہ روز افغانستان کی جانب سے ڈرونز کے ذریعے پاکستان کے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی۔ اسلام آباد تک آنے والے یہ ڈرونز بروقت کارروائی کے ذریعے مار گرائے گئے، تاہم ان کے ملبے کے گرنے سے کوئٹہ، کوہاٹ اور راولپنڈی میں متعدد شہری زخمی ہوئے جن میں دو بچے بھی شامل ہیں۔ اس پر صدر آصف علی زرداری نے واضح طور پر کہا ہے کہ افغان حکومت نے پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنا کر سرخ لکیر عبور کی ہے۔ کسی بھی ریاست کے لیے اپنے عوام کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں ہوتی اور ایسے حملے ناقابل برداشت ہیں۔ ترجمان آئی ایس پی آر کے مطابق، افغان طالبان کی جانب سے بھیجے گئے ابتدائی ڈرونز کا مقصد پاکستانی عوام میں خوف وہراس پیدا کرنا تھا، تاہم دفاعی نظام نے انھیں نرم اور سخت دونوں نوعیت کی کارروائیوں کے ذریعے ناکام بنا دیا اور وہ اپنے اہداف تک نہیں پہنچ سکے۔ جوابی کارروائیوں میں قندھار میں دہشت گردی سے متعلق تکنیکی سپورٹ انفراسٹرکچر اور اسلحہ ذخائر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایک طرف طالبان عالمی سطح پر ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ دوسری جانب پراکسی عناصر اور ڈرون حملوں کے ذریعے شہری علاقوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ جنوبی ایشیا اور خطے کے امن کا تقاضا یہی ہے کہ فریقین تحمل، ذمہ داری اور سفارت کاری کو ترجیح دیں۔ تاہم امن کی خواہش کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ کسی ملک کو اپنی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ پر سمجھوتہ کرنا پڑے۔ پاکستان نے ہمیشہ مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں، لیکن اپنی سرزمین اور عوام کے دفاع کے لیے اس کا عزم بھی انتہائی واضح اور مضبوط ہے۔

ایرانی اسکول پر تکبر ونخوت کا حملہ

ضرار چوہان

مہذب دنیا میں وائرل ہونے والی ویڈیو نے دردمندوں اور انسانیت سے محبت کرنے والوں کے دل زخمی اور کلیجے گرما دیئے۔ یہ محض ویڈیو نہیں اجبر، ظلم، غرور اور استبداد زدہ حکمرانوں کے خلاف ایف آئی آر ہے۔ یہ ایسا جنگی جرم ہے جس کی معافی ہے نہ تلافی 28!! فروری کی صبح امریکی لڑاکا طیاروں نے ایران پر بم باری کی، اس خوفناک حملے میں انہوں نے ایران کے شہری علاقے میں گرلز پرائمری سکول کو بھی نشانہ بنایا۔ میزائل حملے میں 168 افراد کی زندگیاں چھینی گئیں شہید ہونے والوں میں 110 معصوم طالبات بھی شامل تھیں۔ سامراج نے آن واحد میں 168 افراد کو موت کی وادی میں دھکیلا! کہاں ہے مہذب ممالک؟ کہاں کی انسانیت کا درس دینے والے اور کہاں ہیں وہ جو نوبل امن کے اعجاز واعزاز کے لیے "بڑے ملک کے بڑے حاکم" کی طرف داری کرتے رہے !!! ایک منٹ 28 سیکنڈ کی اس ویڈیو میں دورویوں کی ایسی داستان پیش کی گئی ہے جو پتھروں کا بھی سینہ چیر دے۔ فرینڈز آف ایران کی جانب سے جاری کی گئی ویڈیو میں ایک طرف امریکی بم باری کی تیاری جبکہ دوسری جانب ننھی شہزادی کی سکول جانے کی تیاری' اس کے چہرے کی مسکراہٹ اور معصوم خوشی کو نمایاں کیا گیا ہے۔ دونوں مناظر ہدف اور منزل کی طرف عازم ہونے کے ہیں۔ ایک منظر زندگی اور زندگی سے منسلک مسرتوں سے بھرپور اور مرقع ہے دوسرا منظر بربادی، تباہی، زندگی اور موت کے درمیان فاصلہ ختم کرنے کا ہے۔ ویڈیو جاری ہونے سے پہلے اور بعد میں ہر طرف سے امریکہ اور امریکی حکمران شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ 168 انسانی جانوں کے ضیاع پر اقوام متحدہ اب تک نیند سے بیدار نہ ہوسکی !! مشرق وسطی کو خون، آگ اور خوف کی دلدل میں دھکیلنے والوں کے خونیں قدم روکنے کے لیے ابھی تک کوئی سنجیدہ کوشش نہیں ہوئی۔ 56 مسلمان ممالک میں اتنا دم خم نہیں کہ وہ سامراج کے خلاف مشترکہ موقف اپنالیں۔ ایران بار بار وضاحت کر چکا ہے کہ وہ برادر اسلامی ممالک پر جوابی حملے نہیں کر رہا' البتہ مسلم ریاستوں میں امریکی اڈے بند ہونے تک جوابی حملے جاری رہیں گے یہ تھا ایرانی مطالبہ نہیں 2 کروڑ مسلمانوں کی آواز ہے۔ مجھ جیسے بے شمار لوگ ایسے ہیں جنھوں نے جب سے یہ ویڈیو دیکھی ہے وہ ڈپریشن کا شکار ہیں۔ خدا کی قسم اکثر مسلم سربراہ اپنی کرسیاں اور بادشاہتیں بچانے کی وجہ سے کھل کر اس بربریت کی مذمت تک نہیں کررہے، وہ شائد بے حس ہو چکے ہیں۔ حکمرانوں اور عسکری قیادت تو امریکہ کا نام لینے سے بھی گریزاں ہیں (اللہ کریم ہم پر رحم کرے اور ہمیں ہدائت دے آمین) 86 سالہ سید علی خامنائی باطل کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن گیا ان کے تاریخی جملے "اگر میں شہید ہو گیا تو خوش ہونا کیونکہ میں جھکا نہیں ہم لڑ کر شہید ہوا، میری فوج اور ایرانی بھی لڑ کر شہید ہو رہے ہیں۔ ہمیں یہودیوں اور امریکیوں کے سامنے جھکنا ہے اور نہ ہی امریکیوں سے مدد مانگنی ہے ہمارے لئے اللہ کی ذات ہی معاون ومددگار ہے کیونکہ میں آخرت میں سرخرو ہو کر جاؤں گا تاکہ جواب دے سکوں کہ میں اسلام کے لئے لڑا تھا میں نے کسی طاقت کے سامنے نہیں جھکا "سید علی خامنائی کی شہادت انجام نہیں بلکہ آغاز ہے شہید کے خون کی صدا تا قیامت نسلوں کو سنائی دیتی ہے شہید کے لہو کا قطرہ جب زمین پہ گرتا ہے تو آسمان بھی جھک کے سلام کرتا ہے شہادت اہل وفا کے لئے نعمت ہوتی ہے وہ عشق ہی کیا جو وقت آزمائش ڈر جائے وہ جان ہی کیا جو حق پر نثار نہ ہو جب ظلم کی رات گہری ہو جاتی ہے اور سچ کی صدا کمزور پڑ جاتی ہے تب کوئی اٹھتا ہے حق کا علم لے کر اپنی ہستی کا چراغ جلاتا ہے وہ یہ جانتا ہے کہ یہ راہ کٹھن ہے مگر اس کے قدموں میں لرزش نہیں ہوتی۔ وہ گرتا ہے تو زمین سنبھل جاتی ہے مرتا ہے تو قوم سنور جاتی ہے لہو سے لکھی گئی داستان صدیوں تک دلوں میں اجالا کرتی ہے شہید کا نام مٹایا نہیں جا سکتا بلکہ امر ہو جاتا ہے یہ وہ سچ ہے جس کو ہار نہیں شہیدوں کی قباؤں کا وقار زندہ رہتا ہے جنگ انسانی تاریخ کا تلخ اور بھیانک باب ہے۔ تاریخ میں ہمیں بڑی بڑی جنگیں ملتی ہیں جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوم جنھوں نے دنیا کا نقشہ بدل دیا کروڑوں انسانوں کی جانیں لے لیں۔ کئی بے گناہ شہری، عورتیں اور بچے متاثر ہوئے جنگ میں معذور اور نفسیاتی صدمے کا شکار افراد کی تعداد بھی بڑھ جاتی ہے جنگ بظاہر مسائل کا حل معلوم ہوتی ہے مگر حقیقت میں یہ تباہی و بربادی اور انسانی المیوں کو جنم دیتی ہے معیشت تباہ ہو جاتی ہے شہر کھنڈر بن جاتے ہیں بے شمار خاندان اجڑ جاتے ہیں تعلیم صحت اور ترقی کے منصوبے دم توڑ دیتے ہیں معاشرہ خوف اور عدم استحکام کا شکار ہو جاتا ہے آجکل یہی صورت حال ہے انسانیت کی آواز کہیں کھو گئی ہے ہر طرف خوف و ہراس کی فضا ہے ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے پوری دنیا کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے فضائی حملوں، میزائل حملوں اور سخت بیانات کے تبادلے نے عوامی زندگی کو غیر یقینی صورت حال سے دوچار کر دیا ہے آج عالم اسلام کے خلاف تمام اسلام دشمن ممالک ہاتھ سے ہاتھ ملائے اسلامی ممالک کی نابودی پر کمربستہ ہیں اور کبھی بھی اس پر عمل پیرا ہو کر مسلمانوں کی نسل کشی کر سکتے ہیں جیسے آجکل ایران کی بیدار قوم ان کا نشانہ بنی ہوئی ہے جس نے ہمیشہ مسلمانوں کو اس حقیقت سے آگاہ کیا کہ امریکہ اور اسرائیل عالم اسلام کے دو بڑے دشمن ہیں اور ان کا ایک ہی مقصد ہے کہ مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دینا جس کی تازہ ترین مثال فلسطین کے بعد ایران پہ دس رمضان کا حملہ تھا جو امریکہ اور اسرائیل نے کیا یہ ایک معمولی جھڑپ نہیں بلکہ ایران اور امریکہ کے درمیان بڑا فوجی تصادم ہے!!

حرف آخر

سورہ آل عمران، سورہ انفال اور سورہ المائدہ میں اللہ کریم نے مومنوں پر واضح کر دیا کہ یہود ونصاری کو اپنا دوست مت بناؤ (یہ آپس میں تو دوست ہو سکتے ہیں مگر مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں) حیرت ہے مسلم قائدین واضح پیغام اور بڑی نصیحت کو نظر انداز کر کے خود پر زمینی خداؤں کا خوف طاری کئے ہوئے ہیں اور جب یہ کیفیت غالب آ جائے تو پھر انجام وہی ہوتا ہے جس سے امت مسلمہ دوچار ہیں۔ اگر ابھی بھی مسلم لیڈرشپ نے اپنے رویے نہ بدلے اور مظلوم مسلمانوں کی مدد نہ کی تو پھر وہ ظالموں میں شامل ہوں گے اور قیامت کے روز اپنی اس نافرمانی کا مزا چکھیں گے۔

اپوزیشن قیادت، سفارتی روابط اور قومی مفاد

اصغر علی شاہ

کسے معلوم نہیں کہ پاکستان کی سیاست اس وقت ایک حساس مرحلے سے گزر رہی ہے جہاں داخلی سیاسی کشیدگی کے ساتھ ساتھ سفارتی سرگرمیوں پر بھی گہری نظر رکھی جا رہی ہے۔ حالیہ دنوں میں جس طرح برطانیہ کی ہائی کمشنر جین میریٹ کی قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے ان کے چیمبر میں ہونیوالی ملاقات نے سیاسی حلقوں میں ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے۔ اس ملاقات میں ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان حسین احمد یوسفزئی بھی موجود تھے اور دونوں جانب سے مبینہ طور پر پاکستان اور برطانیہ کے درمیان دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی مجموعی صورتحال اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے ممکنہ اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بظاہر یہ ملاقات ایک معمول کی سفارتی سرگرمی دکھائی دیتی ہے کیونکہ دنیا بھر میں سفارتکار مختلف سیاسی شخصیات اور جماعتوں سے رابطے رکھتے ہیں۔ تاہم مبصرین کے مطابق پاکستان جیسے حساس سیاسی ماحول میں ایسی ملاقاتیں فطری طور پر کئی سوالات کو جنم دیتی ہیں۔ خاص طور پر ایسے وقت میں جب ملک میں سیاسی عدم استحکام، معاشی دباؤ اور علاقائی چیلنجز بیک وقت موجود ہوں تو غیر ملکی سفارتکاروں کی سرگرمیاں مزید توجہ حاصل کر لیتی ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان ہمیشہ سے برطانیہ سمیت تمام دوست ممالک کے ساتھ مثبت اور مضبوط تعلقات کا خواہاں رہا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تاریخی، تجارتی اور سفارتی روابط کی ایک طویل تاریخ موجود ہے اور برطانیہ میں مقیم پاکستانی نژاد کمیونٹی بھی دونوں ممالک کے تعلقات میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اسی تناظر میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ایک فطری امر سمجھا جاتا ہے۔ تاہم سفارتی ماہرین کے مطابق ایسے روابط میں شفافیت اور ادارہ جاتی توازن برقرار رکھنا بھی نہایت ضروری ہوتا ہے۔ ایسے میں مبصرین کے مطابق سفارتی آداب کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ ریاستی معاملات سے متعلق گفتگو اور رابطے بنیادی طور پر منتخب حکومت کے ذریعے ہوں تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی یا شکوک وشبہات پیدا نہ ہوں۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں ماضی میں سیاسی تبدیلیوں اور بیرونی اثرات کے حوالے سے مختلف بحثیں سامنے آتی رہی ہیں، وہاں اپوزیشن رہنماں اور غیر ملکی سفارتکاروں کے درمیان ملاقاتیں بعض اوقات سیاسی بحث کا موضوع بن جاتی ہیں۔ اسی تناظر میں بعض سیاسی حلقے اس ملاقات کو اس سوال کے ساتھ دیکھ رہے ہیں کہ آیا یہ محض ایک معمول کی سفارتی ملاقات تھی یا اس کے پس منظر میں کوئی وسیع تر سیاسی یا سفارتی مفہوم بھی موجود ہے۔ بعض تجزیہ کاروں کے مطابق اس ملاقات کا وقت بھی قابل غور ہے کیونکہ اسی دوران ملک میں اہم قومی سلامتی اور سیاسی معاملات زیر بحث ہیں۔ ایسے میں یہ بجا طور پر سوال بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ کیا اپوزیشن قیادت کو ریاستی سطح کے اہم معاملات میں اپنی ترجیحات کا ازسر نو جائزہ لینا چاہیے۔ سیاسی مبصرین اس پہلو کی طرف بھی توجہ دلاتے ہیں کہ محمود خان اچکزئی ماضی میں افغانستان کے حوالے سے نسبتاً نرم مؤقف رکھتے آئے ہیں۔ ان کی سیاسی تقاریر میں افغانستان پر براہ راست تنقید کم جبکہ پاکستان کی داخلی پالیسیوں پر تنقید زیادہ سننے کو ملتی رہی ہے۔ اسی وجہ سے بعض حلقوں میں ان کے مؤقف پر مختلف آرا پائی جاتی ہیں۔ بطور قائد حزب اختلاف ان کے بیانات اور سرگرمیاں فطری طور پر زیادہ توجہ کا مرکز بنتی ہیں کیونکہ یہ عہدہ قومی سیاست میں ایک اہم ذمہ داری کی نمائندگی کرتا ہے۔ مزید برآں حالیہ عرصے میں بعض قوم پرست اور سماجی تحریکوں کی سرگرمیوں میں اضافہ بھی دیکھا گیا ہے۔ مبصرین کے مطابق داخلی سیاسی سرگرمیوں، علاقائی صورتحال اور بین الاقوامی سفارتی رابطوں کے امتزاج کو بعض تجزیہ کار ایک بڑے سیاسی تناظر میں دیکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاہم اس حوالے سے کوئی بھی حتمی نتیجہ اخذ کرنے سے قبل تمام حقائق اور حالات کو متوازن انداز میں دیکھنا ضروری ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ عالمی سیاست میں سفارتکاری ایک پیچیدہ عمل ہوتا ہے جہاں مختلف ممالک کے سفارتکار نہ صرف حکومتی نمائندوں بلکہ اپوزیشن جماعتوں، سول سوسائٹی اور دیگر سیاسی شخصیات سے بھی رابطے رکھتے ہیں۔ اس کا مقصد اکثر سیاسی ماحول کو بہتر طور پر سمجھنا اور مختلف نقطہ نظر سے آگاہی حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے ہر ملاقات کو کسی بڑی سازش یا منصوبے سے جوڑنا بھی بعض اوقات مبالغہ آرائی کا باعث بن سکتا ہے۔ دوسری جانب سیاسی ماہرین اس بات پر زور دیتے ہیں کہ پاکستان جیسے حساس جغرافیائی اور سیاسی ماحول میں شفافیت اور قومی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے۔ اپوزیشن اور حکومت دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے طرز عمل میں ایسی احتیاط برتیں جس سے قومی سطح پر کسی قسم کی بداعتمادی پیدا نہ ہو۔ خصوصاً جب معاملہ غیر ملکی سفارتکاروں کے ساتھ روابط کا ہو تو اس میں واضح اور شفاف طریقہ کار اختیار کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ حرف آخر کے طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ برطانوی ہائی کمشنر اور قائد حزب اختلاف کی ملاقات بظاہر ایک معمول کی سفارتی سرگرمی تھی، تاہم پاکستان کے موجودہ سیاسی ماحول میں اس نے ایک وسیع بحث کو جنم دیا ہے۔ مبصرین کے مطابق اس طرح کے معاملات میں سب سے اہم عنصر قومی مفاد، شفافیت اور ادارہ جاتی توازن کا برقرار رہنا ہے۔ اگر تمام سیاسی قوتیں انہی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے آگے بڑھیں تو نہ صرف سفارتی تعلقات مضبوط رہ سکتے ہیں بلکہ داخلی سیاسی استحکام کو بھی تقویت مل سکتی ہے۔ ماضی قریب میں مبینہ لندن پلان کے نام پر پاکستان کی داخلی سیاست میں بہت سے اتار چڑھاؤ آتے رہے ہیں اور حالیہ دنوں میں بھی انتشاری گروہ کی ایک خاص تحریک ہے ایسے میں امید کی جانی چاہیے کہ تمام حلقے اس ضمن میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔

بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کی ذلت آمیز شکست

نسیم الحق زاہدی

بھارت یہ گمان کرتا ہے کہ وہ اپنے حلیف افغانستان کے ساتھ مل کر بلوچستان میں اپنی پراکسی دہشت گرد تنظیموں خصوصاً بی ایل اے، بی ایل ایف کے ذریعے حملے کر کے پاکستان کے استحکام کو کمزور کر دے گا، مگر یہ اس کی خام خیالی ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے ہر موقع پر فتنہ الہندوستان کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔ اس نام نہاد آزادی کی جنگ میں سرمچاری کا دعوی کرنے والے مسلح دہشت گردوں کا ہمیشہ سے نشانہ عام بلوچ شہری، غیر مقامی افراد خصوصاً پنجابی مزدور اور سکیورٹی فورسز کے اہلکار بنتے رہے ہیں۔ ان عناصر نے کبھی بھی بلوچ عوام کے مفادات کا تحفظ نہیں کیا بلکہ ہمیشہ بے گناہ بلوچوں کی جان ومال کو نقصان پہنچایا ہے۔ اب صورتحال یکسر بدل چکی ہے۔ پوری قوم فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف بنیان مرصوص بن کر کھڑی ہو چکی ہے۔ بلوچستان کے عوام بھی کھل کر فورسز کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں کیونکہ انہیں بخوبی احساس ہو چکا ہے کہ یہ عناصر نہ صرف امن کے دشمن ہیں بلکہ بلوچ معاشرے کی بنیادی اقدار اور روایات کے بھی مخالف ہیں۔ ان دہشت گردوں سے نہ ہماری عبادت گاہیں محفوظ ہیں اور نہ تعلیمی ادارے اور نہ ہی عام بلوچ شہری۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں خدمات سرانجام دینے والوں کو نسلی اور لسانی بنیادوں پر ظالمانہ طریقے سے ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاتا رہا ہے۔ کلبھوشن یادیو کی گرفتاری کے بعد بھارت اور دہشت گرد تنظیموں کے درمیان رابطے اب کسی سے پوشیدہ نہیں رہے، بھارت ان تنظیموں کو مالی مدد کے ساتھ ساتھ تربیت اور اسلحہ بھی فراہم کر رہا ہے۔ بلوچستان میں ہونیوالے دہشت گردی کے واقعات ہوں یا اسلام آباد میں ہونیوالا خودکش حملہ، یہ تمام کارروائیاں بھارت اور افغانستان سے کنٹرول ہو رہی ہیں۔ بھارتی خفیہ ایجنسی را اور افغانستان کی طالبان حکومت دہشت گردوں کی سرپرستی کر رہی ہیں۔ افغانستان میں دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہیں موجود ہیں، جہاں بی ایل اے، بی ایل ایف کے دہشت گردوں کو ٹریننگ دی جاتی ہے۔ یہ اطلاعات بھی ہیں کہ بھارت نے دہشت گردی کے لیے اپنے فنڈ میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ اس کا مقصد ایک ہی ہے کہ پاکستان کو عدم استحکام اور انتشار کا شکار کیا جائے۔ بھارت جنگ کے میدان میں تو پاکستان کا مقابلہ نہیں کر سکا، اب اس نے دہشت گردی کو اپنی ریاستی پالیسی بنالیا ہے۔ بھارت کی جانب سے پاکستان پر پراکسی وار مسلط کی گئی ہے۔ صرف پاکستان ہی بھارتی ریاستی دہشت گردی کا شکار نہیں بلکہ بھارتی دہشت گردی بنگلہ دیش اور کینیڈا سے ہوتی ہوئی پوری دنیا میں پھیل چکی ہے۔ عالمی برادری کو یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف پوری دنیا کی جنگ لڑ رہا ہے اور قربانیاں دے رہا ہے۔ اگر دہشت گردوں کا خاتمہ نہ کیا گیا تو خدشہ ہے کہ پھر کوئی سانحہ نہ پیش آ جائے، جو پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دے گا۔ ہم اس وقت حالت جنگ میں ہیں، دہشت گردی کے واقعات میں اب تک ہزاروں بے گناہ شہری شہید ہو چکے ہیں۔ جتنی قربانیاں پاکستانی قوم اور پاکستانی فورسز نے دی ہیں اس کی دنیا میں مثال نہیں ملتی۔ بلوچستان میں ہونیوالی دہشت گردی کے پیچھے عالمی سازشوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ بلوچستان پاکستان کا سب سے وسیع، وسائل سے مالا مال اور اسٹریٹجک اہمیت کا حامل صوبہ ہے۔ بہت سوں کی نظریں بلوچستان کے معدنی وسائل پر ہیں۔ آج دنیا کو سونا، تانبہ اور دیگر قیمتی معدنیات کی ضرورت ہے۔ پاک چین دوستی اور سی پیک منصوبے بھی فتنہ الہندوستان کو ایک آنکھ نہیں بھاتے۔ کالعدم تنظیمیں بخوبی جانتی ہیں کہ بلوچستان ترقی کرے گا تو ان کی محرومی کا بیانیہ کون سنے گا؟۔ پاک چین اقتصادی راہداری دراصل پاکستان کی معاشی بحالی اور بلوچستان کی ترقی کی بنیاد ہے۔ گوادر بندرگاہ، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، شاہراہیں، توانائی منصوبے اور صنعتی زونز اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ علیحدگی پسند تنظیموں نے ابتداء ہی سے ان منصوبوں کو اپنے حملوں کا مرکزی ہدف بنایا۔ چینی انجینئرز، سکیورٹی فورسز، تعمیراتی مقامات اور حساس تنصیبات پر حملے اس سازش کا حصہ ہیں تاکہ خوف و ہراس پھیلا کر غیر ملکی سرمایہ کاری کو روکا جا سکے۔ سکیورٹی فورسز نے ان گروہوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے ذریعے ان کے نیٹ ورک، قیادت اور سہولت کاروں کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ کئی بڑے حملے بروقت کارروائی کے نتیجے میں ناکام بنائے گئے جبکہ متعدد خودکش حملہ آور اور کمانڈر واصل جہنم کیے گئے۔ فتنہ الہندوستان عوامی حمایت سے بالکل محروم ہے اور ہندو بھگوانوں کی فنڈنگ کی محتاج ہے۔ بھارت سازشوں اور کوششوں کے باوجود، گوادر ایئرپورٹ، بندرگاہ اور سی پیک کے دیگر منصوبوں کو نہ رکوا سکا، ہماری مربوط سکیورٹی حکمت عملی نے ان حساس تنصیبات کو محفوظ بنایا ہے۔ پاک فوج، ایف سی بلوچستان (ساتھ) قانون نافذ کرنے والے ادارے اور سول انتظامیہ کے مشترکہ اقدامات کے نتیجے میں دہشت گردی میں واضح کمی آئی ہے بلکہ کئی شدت پسند گروہ ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل بھی ہوئے ہیں۔ یہ رجحان اس بات کا ثبوت ہے کہ تشدد کا راستہ بند گلی ہے جبکہ مفاہمت اور ترقی ہی بلوچستان کا مستقبل ہے۔ سی پیک اور گوادر جیسے منصوبے بلوچ عوام کے لیے مواقع کی چابی ہیں۔ علیحدگی پسند تنظیمیں جتنا بھی تشدد کر لیں، وہ اس حقیقت کو نہیں بدل سکتیں کہ بلوچستان پاکستان ہے اور یہاں کے عوام امن، استحکام اور خوشحالی کے سفر میں ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔ فتنہ الہندوستان کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ بلوچستان کے عوام کا پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہے۔ آج بلوچ نوجوان ملک بھر میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ فوج، سول سروس، پولیس، تعلیم، صحت، میڈیا اور کاروبار سمیت ہر شعبے میں بلوچ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔ بلوچ صرف بلوچستان تک محدود نہیں، کراچی سے لاہور، اسلام آباد سے پشاور تک بلوچ خاندان آباد ہیں، کاروبار کر رہے ہیں، تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور باعزت زندگی گزار رہے ہیں۔ بلوچ ثقافت، مہمان نوازی اور روایات کو پورے پاکستان میں احترام اور محبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ بلوچ کلچر پاکستانی شناخت کا ایک خوبصورت اور مضبوط رنگ ہے۔ بلوچستان میں شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں نے عوام کی زندگیوں پر بے حد مثبت اثر ڈالا ہے۔ سڑکیں، تعلیمی ادارے، اسکالرشپس، روزگار کے مواقع اور سکیورٹی کی بہتری نے عام بلوچ کے لیے فیصلہ آسان کر دیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہی بہتر مستقبل کی ضمانت ہے۔ آج بلوچستان میں بھارت کا علیحدگی پسند بیانیہ بری طرح شکست کھا چکا ہے۔ بلوچستان کے عوام نے واضح کر دیا ہے کہ وہ امن، استحکام اور ترقی کے راستے پر گامزن رہنا چاہتے ہیں۔ بلوچ عوام پاکستان کے ساتھ ہیں اور پاکستان بلوچ عوام کے ساتھ ہے۔ یہی اتحاد دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔

شہر قائد

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن ایم یوسف یوسی 12 میں پیور بلاک سے تعمیر کی گئی گلیوں کا افتتاح کر رہے ہیں

آزادی پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش

پاکستان 27 رمضان المبارک، شب قدر، یوم نزول قرآن کو معرض وجود میں آیا، حنیف طیب

کراچی (پ۔ر) نظام مصطفی پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم وقدرتی وسائل ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ پاکستان اللہ تعالی کی عظیم نعمت اور انعام ہے جو اسلامی لحاظ سے 27 رمضان المبارک، جمعۃ الوداع، شب قدر، یوم نزول قرآن کے دن معرض وجود میں آیا اس لئے کہا کہ جاتا ہے کہ پاکستان اور نظام قرآن لازم وملزوم ہیں پاکستان لاکھوں شہداء کی قربانیوں کا نتیجہ ہے اسلامی تاریخ میں مدینہ منورہ کے بعد دوسری بڑی ہجرت پاکستان کے قیام کے موقع پر ہوئی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خداداد کالونی میں نظام مصطفی پارٹی کے رہنما پیرزادہ غلام حسین چشتی کی رہائش گاہ پر عوامی دعوت افطار کے موقع پر کیا۔ شبیر احمد قاضی، تاج الدین صدیقی، احمد رضا طیب، طلحہ پیرزادہ ودیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے آزادی پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش کیا اور ان کے درجات کی بلندی کے دعا کی۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ آج ملک جن مسائل وبحرانوں میں گھیرا ہوا ہے، معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کی بنیادی وجہ قرآن وسنت کی تعلیمات سے دوری کا نتیجہ ہے پاکستان کا مقدر نظام مصطفی ﷺ کا نفاذ ہے، معاشرتی، سماجی اور معاشی ترقی کا انحصار اسلامی نظام میں مضمر ہے یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ سودی نظام اور بے حیائی سرکاری سرپرستی میں جاری ہے، سماجی نظام کی ترقی کے لئے خلفائے راشدین کا نظام عدل قائم کیا جائے، تعلیمی نصاب کو اسلامی علوم سے ہم آہنگ کیا جائے، ملک میں شرعی قوانین کے نفاذ کے لئے علماء مشائخ کے ساتھ ساتھ دانشور، وکلاء، اساتذہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنا کردار ادا کرنا پڑے گے۔ انہوں نے کہا کہ ملت اسلامیہ میں جہاں جہاں مسلمانوں پر مظالم ہو رہے ہیں اس کے ازالہ کے لئے مشترکہ جدوجہد کرنا ضروری ہے۔

توانائی بحران نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، ثروت اعجاز

تیل کمپنیوں کے مطابق آبنائے ہرمز کی بندش تیل کی ترسیل اور قیمتوں پر اثر انداز ہو رہی ہے

کراچی (پ۔ر) عالمی طاقتوں کی پالیسیوں اور مشرق وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث آبنائے ہرمز کی بندش نے دنیا بھر میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ امریکی صدر اور اس کے شراکت دار اس صورتحال کے باعث شدید پریشانی میں مبتلا ہیں کیونکہ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کے لیے ایک انتہائی اہم راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے اپنے جاری بیان میں کرتے ہوئے مزید کہا کہ آبنائے ہرمز کی وجہ سے پیدا ہونے والا توانائی بحران پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے اور اس کے اثرات عالمی معیشت، صنعت اور تجارت پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ دنیا کے بیشتر ممالک کی معیشت کا دارومدار تیل اور گیس کی فراہمی پر ہے، ایسے میں اگر ترسیل میں رکاوٹ پیدا ہو تو اس کے منفی اثرات عالمی سطح پر محسوس کیے جاتے ہیں۔

جامعہ اشرفیہ وجامع مسجد الحسنیف میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات وتکمیل قرآن

کراچی (پ۔ر) جامعہ اشرفیہ و جامع مسجد الحسنیف متصل اجتماع گاہ میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات وتکمیل قرآن کریم نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں حافظ محمد حذیفہ مدنی اور حافظ عبداللہ مدنی کی پذیرائی کی گئی جنہوں نے تراویح میں قرآن پاک کی تکمیل کی۔ علاقے کے معززین، علماء کرام، طلبہ وطالبات اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی جمعیت علمائے اسلام ضلع وسطی کیا میر مولانا عبدالرشید نعمانی تھے، جبکہ مہتمم مولانا محمد ندیم مدنی، مولانا اسامہ مسکین مغل، ڈاکٹر مفتی محمد علی، حافظ ادریس، قاری عبداللہ جان ودیگر بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی عبدالرشید نعمانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم کی تعلیم و تربیت مسلمانوں کی دنیا وآخرت کی کامیابی کی ضامن ہے، دینی مدارس اسلام کے مضبوط قلعے ہیں جہاں نئی نسل کو قرآن وسنت کی روشنی میں علم وشعور سے آراستہ کیا جاتا ہے۔

یوسی 12 نارتھ کراچی سیکٹر 11-A میں پیور بلاک سے تعمیر گلیوں کا افتتاح

عوام کو ریلیف، چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا معیاری کام پر اطمینان کا اظہار

کراچی (پ۔ر) نیو کراچی ٹاؤن کے چیئرمین محمد یوسف نے یونین کونسل نمبر 12 سیکٹر 11-A میں پیور بلاک سے تیار ہونے والی پختہ گلیوں اور تین کمیونٹی کلسٹرز گلشن عثمان، علی مرتضی اور ابراہیم قادریہ کمیٹی کا بیک وقت افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، یونین کونسل 12 کے چیئرمین عظیم انور، یوسی کونسلرز اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے کہا کہ ماضی میں نیو کراچی ٹاؤن کو نظر انداز کیا جاتا رہا اور یہاں ترقیاتی کام نہ ہونے کے برابر تھے، جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں نے اختیارات ملنے کے بعد نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیر وترقی کا عمل شروع جس کے ثمرات عوام کو تیزی کے ساتھ مل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیو کراچی کے مختلف سیکٹرز میں سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور عوام کو صحت مند ماحول کی فراہمی کے لئے پارکس و پلے گراؤنڈ کی بحالی کے کاموں کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکٹر 11-A میں پیور بلاک کے ذریعے بڑی تعداد میں گلیوں کو پختہ کیا گیا ہے۔

موجودہ حالات میں اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کو فروغ دینا ہوگا، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہل سنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ اہل سنت کو موجودہ حالات میں اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کو فروغ دینا ہوگا، اتحاد اہل سنت وقت کی اہم ضرورت ہے، وہ یوم ناموس رسالت پر ناظم آباد میں الیونس قاسم ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

لوڈشیڈنگ کے باعث امتحانات متاثر ہونے کا خدشہ ہے، میاں مقصود

کراچی (پ۔ر) الفلاء فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ غیر معمولی اور بلا ترتیب جاری لوڈ شیڈنگ کے فوری خاتمے کے لیے کے الیکٹرک لازمی اور فوری اقدامات کرے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سات اپریل سے شروع ہونے والے میٹرک کے امتحانات کے دوران طلباء کی تعلیمی تیاری اور ذہنی سکون شدید متاثر ہو سکتا ہے۔

چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک، وائس چیئرمین شاہ فیصل طارق بنگش کے ہمراہ شاہ فیصل ٹاؤن میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لے رہے ہیں

سندھ بھر سے

کراچی سندھ کا دل اور روح ہے اسکی حفاظت اور سرپرستی کرینگے

12 اپریل کو کراچی میں ایک تاریخی جلسہ منعقد کرکے کراچی کو اپنی سیاست کا محور بنانے کی جدوجہد کا باقاعدہ آغاز کریں گے

پیپلز پارٹی کی غلط پالیسیوں کے باعث کراچی میں بڑی مشکلات کا سبب بن رہے ہیں، چیئرمین سندھ ترقی پسند پارٹی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ترقی پسند پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا ہے کہ کراچی سندھ کا دل اور روح ہے اور ہم ہر صورت اس کی حفاظت اور سرپرستی کریں گے۔ 12 اپریل کو کراچی میں ایک تاریخی جلسہ منعقد کر کے کراچی کو اپنی سیاست کا محور بنانے کی جدوجہد کا باقاعدہ آغاز کریں گے۔ پیپلز پارٹی کی غلط پالیسیوں کے باعث کراچی میں معمولی مسائل بھی ہمارے لیے بڑی مشکلات کا سبب بن رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سندھ ترقی پسند پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قادر مگسی نے مکلی میں ترقی پسند ضلع ٹھٹھہ کے صدر جلال شاہ کی جانب سے دی گئی افطار پارٹی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہمیشہ لسانیت اور تعصب کی سیاست کرتی رہی ہے، ہم کسی بھی صورت کراچی کو وفاق کے حوالے نہیں ہونے دیں گے۔ سندھ کو ذلتوں، مشکلات اور آفتوں سے نجات دلانے کے لیے ایس ٹی پی کراچی میں باقاعدہ مرکز قائم کرے گی اور کراچی کے لوگوں کی سرپرستی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک اندازے کے مطابق کراچی میں 60 سے 65 لاکھ سندھی آباد ہیں لیکن وہ کہیں بھی شمار میں نہیں آتے۔ کراچی میں وانا، وزیرستان اور کے پی کے سے آنے والے افراد اسمبلی کے رکن بن گئے ہیں لیکن سندھ کے لوگوں کو کراچی کے مخصوص علاقوں تک محدود کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹھٹھہ، کراچی سمیت سندھ کے 6 اضلاع بدامنی کا مرکز بن چکے ہیں اور ریاستی نااہلی کے باعث عوام بھوک اور بدحالی کا شکار ہیں۔ کراچی میں اگر گٹر ابل پڑیں یا پانی کی قلت ہو جائے تو فوراً کراچی کو الگ صوبہ بنانے یا وفاق کے حوالے کرنے کی باتیں شروع ہو جاتی ہیں۔

آتشزدگی کا واقعہ میں چار گھر جل کر خاکستر

محراب پور (پاکستان بلیٹن) آتشزدگی کا واقعہ میں چار گھر جل کر خاکستر، بھریا روڈ پولیس تھانہ کی حدود گاؤں خاستی بروھی میں اچانک سے لگنے والی آگ نے بروھی برادری سے تعلق رکھنے والے غلام سرور بروھی، محمد اسحاق بروھی، رحمت اللہ بروھی اور اعظم بروھی کے گھروں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، فائر بریگیڈ اطلاع کے باوجود نہیں پہنچی اور چاروں گھر ان میں رکھا ہوا فرنیچر، صندوق، بستر، عید ملبوسات، نقدی اور برقی آلات جل کر خاکستر ہو گئے متاثرین کے مطابق وہ کھلے آسمان تلے آ گئے ہیں۔

گھوٹکی: سیپکو گھوٹکی کی جانب سے ایس ڈی او نواز شریف اور لائن سپرنٹنڈنٹ حادم حسین کی سربراہی میں رحموالی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

گھوٹکی: مولوی محمود بھٹو کی ساتویں برسی، مزار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر خراج عقیدت

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی ماتھیلو موٹل کی ماڑی میں مولوی محمود بھٹو کی ساتویں برسی، مزار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا گیا تفصیلات کے مطابق گھوٹکی کے تاریخی مقام ماتھیلو موٹل کی ماڑی میں سندھ کے نامور عالم دین، دانشور، محقق، ادیب اور تعلیمی ماہر مولوی محمود بھٹو کی ساتویں برسی کے موقع پر مولوی محمود بھٹو اکیڈمی سندھ کی جانب سے ان کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں علاقے کے علماء، ادیب، شاعروں، اساتذہ اور سماجی رہنماں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر مولوی محمود بھٹو اکیڈمی سندھ کے چیئرمین عبدالحئی بھٹو، سندھی ادبی سنگت شاخ ماتھیلو موٹل کی ماڑی کے سیکریٹری علی حسن منگی، عابد حسین انصاری، لیکچرار عبدالوحید شیخ، سید منظر حسین شاہ، کاشف علی کلادی، عبدالباقی بھٹو، عبدالباری بھٹو اور دیگر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مولوی محمود بھٹو نے اپنی پوری زندگی علم، ادب اور دین کی خدمت کے لیے وقف کی اور ہزاروں شاگردوں کی تربیت کر کے معاشرے کے لیے مفید افراد تیار کیے۔ انہوں نے کہا کہ ماتھیلو موٹل کی ماڑی میں علم وادب کی جو شمع مولوی محمود بھٹو نے روشن کی وہ ہمیشہ قائم رہے گی۔ اس موقع پر عبدالحئی بھٹو نے اعلان کیا کہ مولوی محمود بھٹو کے نام سے ایک لائبریری قائم کر دی گئی ہے جس میں مرحوم کے نایاب سندھی، اردو، عربی اور فارسی کتب محفوظ کی گئی ہیں۔ جبکہ ان کی شخصیت اور خدمات پر مبنی کتاب علم کا پیکر مولوی محمود بھٹو بھی جلد شائع کی جائے گی۔

سیپکو گھوٹکی کی جانب سے رحموالی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) سیپکو گھوٹکی کی جانب سے رحموالی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی، متعدد غیر قانونی کنڈا کنکشن منقطع تفصیلات کے مطابق ایس ڈی او محمد نواز شریف اور رحموالی فیڈر پر نئے تعینات ہونے والے لائن سپرنٹنڈنٹ خادم حسین ملک کی سربراہی میں سیپکو گھوٹکی کی ٹیم نے بجلی چوری اور غیر قانونی کنڈا کنکشن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے۔ کارروائی کے دوران مختلف علاقوں میں بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف چھاپے مارے گئے اور کئی غیر قانونی کنڈا کنکشن کاٹ دیے گئے۔ ایس ڈی او نواز شریف اور لائن سپرنٹنڈنٹ خادم حسین ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کو مزید تیز کیا جائے گا۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حادثے میں ایک شخص زخمی، اسپتال منتقل

محراب پور (پاکستان بلیٹن) حادثے میں ایک شخص زخمی، اسپتال منتقل، حادثہ کمال ڈیرو کنڈیارو رابطہ سڑک (لنک روڈ) پر پیش آیا جہاں تیز رفتار کار ڈرائیور کے کنٹرول سے نکل کر کھیت میں جا کر الٹ گئی، اس حادثے میں کار سوار امداد سولنگی نامی شخص زخمی ہو گیا جسے سولنگی سامنا پولیس چوکی پر مقرر پولیس کانسٹیبل پرویز گھانگھرو اور افتخار میمن نے بروقت اسپتال منتقل کیا، میڈیکل آفیسر کے مطابق زخمی کی حالت بہتر ہے، پولیس کے مطابق وہ حادثے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

نواب شاہ کمرشل عمارتوں اور شاپنگ سینٹرز کی فائر سیفٹی آڈٹ سے متعلق ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس

نوابشاہ (ہ۔آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیرآباد عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت نواب شاہ میں کمرشل عمارتوں، شاپنگ سینٹرز اور بڑی عوامی عمارتوں میں فائر سیفٹی انتظامات کے حوالے سے فائر سیفٹی آڈٹ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے دربار ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کی کمرشل عمارتوں، شاپنگ سینٹرز اور بڑی عوامی عمارتوں میں فائر سیفٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام عمارتوں میں فائر فائٹنگ آلات، ایمرجنسی اخراج کے راستے اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان ومال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کمرشل عمارتوں اور شاپنگ سینٹرز کا باقاعدہ معائنہ کر کے فائر سیفٹی کے اصولوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

پولیس کارروائی میں 2 منشیات فروش اور مطلوب ملزم گرفتار

محراب پور (پاکستان بلیٹن) پولیس کارروائی میں 2 منشیات فروش اور مطلوب ملزم گرفتار، شراب، چرس، اسلحہ برآمد، دریا خان مری پولیس نے ایک کارروائی میں امام الدین عرف دین محمد کلہوڑو کو 1020 گرام چرس سمیت گرفتار کر لیا، مورو پولیس نے ایک کارروائی میں اکرم سرہیو کو 10 لیٹر کچی شراب سمیت گرفتار کر لیا، کنڈیارو پولیس نے ایک کارروائی میں مطلوب ملزم ادریس رند کو بغیر لائسنس پستول سمیت گرفتار کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 01

ہونیوالے شخص کی عمر 35 سال کے قریب ہے، جس کی فوری طور پر شناخت ممکن نہیں ہوسکی۔ بظاہر لاش 7 سے 8 روز پرانی معلوم ہوتی ہے۔ دوسری جانب ملیر سٹی کے علاقے مومن آباد فیز ون میں گھر سے ایک شخص کی 3 روز پرانی گلے میں پھندا لگی لاش ملی ہے۔ پولیس نے واقعے کو خودکشی قرار دیا ہے۔ فرزانہ فاؤنڈیشن اسکول کے قریب مکان نمبر آر 84 کی بالائی منزل سے لاش ملنے کی اطلاع ملتے ہی پولیس پہنچی اور لاش کو اسپتال منتقل کیا، جہاں متوفی کی شناخت 31 سالہ بلال ولد محمد شفیق کے نام سے کی گئی۔ پولیس کے مطابق متوفی شخص نشے کا عادی تھا، جس نے کمرے کا دروازہ اندر سے بند کرنے کے بعد گلے میں پھندا لگا کر خودکشی کی۔ قانونی کارروائی کے بعد متوفی کی لاش ورثا کے حوالے کردی گئی ہے۔ علاوہ ازیں سلطان آباد چینی گودام کے قریب بارش کے پانی سے بھرے ہوئے گڑھے میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ ڈاکس تھانے کی حدود میں حبیب پبلک اسکول چینی گودام کے قریب لاش ملنے کی اطلاع پر پولیس پہنچی اور لاش کو سہراب گوٹھ سردخانے منتقل کیا۔ پولیس کے مطابق متوفی کی عمر 35 سے 40 سالہ کے درمیان ہے، جس کی فوری طور پر شناخت ممکن نہیں ہوسکی۔

بقیہ نمبر 02

سونا 110 ڈالر سستا ہو کر 4 ہزار 455 ڈالر پر آ گیا۔ دوسری جانب چاندی کی قیمت میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ فی تولہ چاندی 340 روپے سستی ہو کر 7 ہزار 484 روپے ہو گئی، جبکہ 10 گرام چاندی 291 روپے کمی کے بعد 6 ہزار 416 روپے میں دستیاب ہے۔ عالمی مارکیٹ میں چاندی کی فی اونس قیمت 70 ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق سونے کی قیمتوں میں یہ کمی غیر معمولی ہے، کیونکہ مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال اور توانائی بحران کے ممکنہ معاشی اثرات کے باوجود سونا سستا ہو رہا ہے۔ اس کی بڑی وجہ امریکا میں افراط زر کا دباؤ اور شرح سود میں اضافے کی توقعات ہیں، جس کے باعث ڈالر مضبوط ہو رہا ہے اور سرمایہ کاروں کے لیے بانڈز میں سرمایہ کاری زیادہ پرکشش بنتی جا رہی ہے۔ مزید برآں سونے کی بڑی منڈیوں، خصوصاً خلیجی ریاستوں اور مشرق وسطیٰ میں سونے کی خریداری میں نمایاں کمی آئی ہے، جس سے طلب و رسد کا توازن متاثر ہوا اور قیمتوں پر دباؤ بڑھا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ حالیہ کمی کے بعد سونا اپنی تاریخ کی بلند ترین سطح سے تقریباً 25 فیصد تک نیچے آ چکا ہے، جو عالمی اور مقامی مارکیٹ میں ایک اہم رجحان کی نشاندہی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 03

کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ موجود تھے، ملاقات میں وزیراعظم نے ٹوسیشنز کے کامیاب انعقاد پر چینی قیادت کو مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم نے چینی صدر شی جن پنگ، وزیراعظم لی کیانگ اور وزیر خارجہ وانگ یی کا یوم پاکستان کی مبارکباد دینے پر شکریہ ادا کیا، انہوں نے زراعت، صنعتی تعاون اور بنیادی ڈھانچے کے تحت سی پیک ٹو کو آگے بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 04

غیر مناسب پایا، ایران صدر ٹرمپ کو اجازت نہیں دے سکتا کہ وہ جنگ کے خاتمے کا وقت متعین کریں، ایران نے علاقائی ثالث کے ذریعے پیغام دیا ہے کہ وہ اپنا دفاع جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 05

گرمیاں ایک واضح سیاسی ایجنڈے کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مقاصد کیلئے پاکستان کے قومی مفادات کو پس پشت ڈال کر ذاتی بیانیہ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ عارف اجاکیہ جیسے متنازعہ اور پاکستان مخالف بیانیہ رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کسی عام سیاسی عمل کا حصہ نہیں بلکہ ایک سوچے سمجھے بیانیے کا تسلسل محسوس ہوتی ہیں۔ ان کے مطابق کچھ عناصر عالمی سطح پر پاکستان کے خلاف فضا بنانے میں مصروف ہیں اور اس قسم کی حرکتوں سے وہ صرف اپنی سیاست کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کو اتحاد، استحکام اور ذمہ دار قیادت کی ضرورت ہے اور ایسے اقدامات قومی بیانیے کو کمزور کرنے کے مترادف ہیں۔ طارق فضل چوہدری نے سوال اٹھایا کہ کیا یہی وہ سیاست ہے جس کا دعویٰ تبدیلی کے نام پر کیا گیا تھا؟ قومی وقار کو نقصان پہنچا کر اقتدار کے حصول کیلئے ہر حد پار کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے عوام بخوبی سمجھتے ہیں کہ کون ملک کے ساتھ کھڑا ہے اور کون اپنے مفادات کا تحفظ کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 06

ساتھ ہی پروگرام شروع کرنے کی منظوری دی گئی، جس کے تحت اسکولوں اور مدارس کے طلبہ کے لیے باقاعدہ کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اسلام آباد میں آئندہ ماہ سے اسکول اسپورٹس ایونٹس کا آغاز کیا جائے گا جبکہ اپریل کے پہلے ہفتے سے نئے تعلیمی سال کے ساتھ اس پروگرام کا باقاعدہ آغاز ہوگا۔ وفاقی سیکریٹری آئی پی سی محی الدین وانی نے کہا کہ طلبہ کو اسپورٹس سہولیات اور معیاری کوچنگ مفت فراہم کی جائے گی جبکہ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ذریعے باصلاحیت کھلاڑیوں کو ابتدائی سطح پر تلاش کر کے انہیں آگے بڑھنے کے مواقع دیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس پروگرام میں کرکٹ، ہاکی، فٹبال، جوڈو، کراٹے، ایتھلیٹکس اور ٹینس سمیت متعدد کھیل شامل کیے گئے ہیں تاکہ طلبہ کو مختلف کھیلوں میں حصہ لینے کے وسیع مواقع میسر آئیں۔ شیڈول کے مطابق ستمبر سے انٹرا اسکول مقابلوں کا آغاز ہوگا اور جنوری میں اسلام آباد اسکول گیمز منعقد کیے جائیں گے، اس اقدام کا مقصد نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا اور ملک میں کھیلوں کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 07

آل صدر الائنس آف مارکیٹ اینڈ مال ایسوسی ایشن فہیم نوری نے اسمارٹ لاک ڈاؤن کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا کراچی کی تاجر برادری رات ساڑھے 8 بجے شاپنگ مالز اور مارکیٹیں بند کرنے کے لیے تیار ہے۔ دنیا اس وقت حالتِ جنگ میں ہے اور ہمیں سیاسی اختلافات بھلا کر صرف ملک کا سوچنا ہوگا۔ عوام سے اپیل ہے کہ فیول کرائسس کے خاتمے تک عوام مارکیٹ کے مقررہ اوقات میں ہی خریداری کی عادت ڈالیں۔ تاجر رہنماں کا متفقہ طور پر کہنا ہے کہ ایندھن اور بجلی کی بچت سے ہی معیشت کو سہارا دیا جا سکتا ہے، تاجر برادری اس مشکل گھڑی میں حکومت کے ساتھ ہے۔

بقیہ نمبر 08

رویہ ہے۔ اپنے بیان میں شفیع جان نے مزید کہا عمران خان کے بیٹوں کو گھسیٹ کر الزامات لگانا سیاسی انتقام اور بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے۔ قاسم خان نے پاکستان کے جی ایس پی پلس اسٹیٹس کے حوالے سے کوئی منفی بات نہیں کی۔ جعلی وفاقی حکومت عالمی سطح پر بھی ایکسپوز ہو چکی ہے، حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔ عمران خان اور ان کے بیٹوں کی فون پر گفتگو پر وفاقی حکومت احسان جتانے سے باز رہے، یہ ان کا آئینی و قانونی حق ہے۔ وفاق اور پنجاب حکومت نے عمران خان کے بنیادی حقوق سلب کیے، انہیں فیملی سے ملاقات تک نہیں کرنے دی جا رہی۔

بقیہ نمبر 09

یہ خطرات عالمی شہ رگ یعنی آبنائے ہرمز تک پھیل رہے ہیں، دنیا کے مفادات، معاشی استحکام، توانائی کی سلامتی بھی آبنائے ہرمز سے وابستہ ہے۔ سعودی سفیر نے کہا کہ یہاں خطرہ علاقائی نہیں رہتا بلکہ عالمی انسانی مسئلہ بن جاتا ہے، یہ عوام کی زندگیوں اور ترقی کے حقوق کو متاثر کرتا ہے، خطے کا استحکام مشترکہ ذمہ داری ہے، آج کا پیغام محض سیاسی نہیں بلکہ انسانی ہے۔ نواف بن سعید المالکی نے کہا کہ ریاستوں کی سلامتی ناقابل سمجھوتہ ہے، خطے کا استحکام مشترکہ ذمہ داری ہے، بین الاقوامی قانون کا احترام ہم سب کے مستقبل کے تحفظ کیلئے ناگزیر ہے۔ سعودی سفیر کا کہنا تھا کہ پاکستان کے اقدامات بحران کے پرامن حل کی کوششوں کے عکاس ہیں، یہ اقدامات علاقائی امن کے فروغ کیلئے پاکستان کے مثبت کردار کو اجاگر کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 10

امور کے مطابق طبی سوال نامہ جمعہ تک مکمل کرنا ہوگا، امراض کے بارے میں ہاں یا ناں میں جواب دینا ہوگا۔ سوالنامہ عازمین حج کو مربوط طبی سہولیات کی مدد میں معاون ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

اے آئی جیز اور ایس ایس پیز نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکا کو ڈی آئی جی آر آر ایف / سی ایم یو کی جانب سے آر آر ایف / سی ایم یو کی نفری کی تعیناتی، آلات، ٹرانسپورٹ، رہائش اور دیگر پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کچے کے علاقوں میں تعینات آر آر ایف کی نفری کو مرحلہ وار واپس بلا کر کراچی میں ریزرو پر رکھا جائے۔ سکھر اور لاڑکانہ ڈویژنز کی نفری کو آر آر ایف کی ٹریننگ دے کر کچے میں تعینات کیا جائے۔ آئی جی سندھ نے کہا زیرتربیت 540 اہلکاروں کو اینٹی رائٹ کی بنیادی تربیت دے کر کراچی کے تین زونز میں بطور کوئیک رسپانس فورس تعینات کیا جائے۔ جاوید عالم اوڈھو نے کہا شعبہ ٹریننگ آر آر ایف اور اینٹی رائٹ ٹریننگ سے متعلق انتظامات کو یقینی بنائے۔ آئی جی سندھ نے کہا کراچی زونز میں تعینات کیو آر ایف کی پلاٹونز کو پولیس شہداء کے نام سے منسوب کیا جائے۔

بقیہ نمبر 12

[illegible] نے کہا کہ کل پورے ملک میں یوم استحکام پاکستان منایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13

میں 92 لاکھ روپے کی ڈکیتی میں بھی ملوث رہا ہے، گرفتاری کے دوران ملزمان سے 5 لاکھ نقدی، 3 پستول اور واردات میں استعمال 2 موٹر سائیکلیں برآمد کی لیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ چھینی گئی رقم سے خریدی گئی نئی موٹر سائیکل بھی تحویل میں لے لی، ملزم شرافت پیٹرول پمپ کا سابق ملازم ہے جس نے ساتھیوں کے ساتھ کیشئر کو لوٹا۔ واضح رہے کہ ملزمان کی واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکی ہے۔

بقیہ نمبر 14

عدالت میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کیخلاف بانی کی رہائی کیلئے فورس بنانے کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیئے کہ سیاسی بیانات پر عدالت مداخلت نہیں کرسکتی، ٹھوس شواہد یا فورس بنانے کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہو تو دکھا دیں۔ وکیل درخواست گزار نے ثبوت پیش کرنے کیلئے عدالت سے مہلت مانگ لی، عدالت نے وکیل کی استدعا منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 15

ممالک پاکستان کی اہمیت سے آگاہ ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک شخص کو قوم نے سر آنکھوں پر بٹھایا، اس شخص نے اپنے دور میں جو چاہا وہ کیا۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ کل ایک تقریر کو پی ٹی آئی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر براہ راست دکھایا گیا، پاکستان کے جی ایس پی پلس سٹیٹس کو متنازع بنانے کی کوشش کی گئی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ قاسم خان کی عید پر بانی پی ٹی آئی سے آدھا گھنٹہ فون پر بات کرائی گئی، یہ یورپی یونین میں جا کر اسرائیلی لابیز سے ملے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ قاسم خان کی واحد دلیل تھی کہ میرے والد جیل میں ہیں، بانی توشہ خانہ کے تحائف بیچنے کی وجہ سے جیل میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف دوسرا 9 مئی کیا گیا، مرکزی کردار قاسم خان ہے، قاسم خان کو والد کے دور میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں نظر نہیں آئیں؟ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بانی اپنے دور میں چن چن کر مخالفین کو جیلوں میں ڈال رہے تھے، پی ٹی آئی دور میں بیٹی کو باپ کے سامنے گرفتار کیا جاتا تھا۔

بقیہ نمبر 16

نے کہا کہ مرگی کے مریضوں کے خلاف معاشرتی تعصب اور منفی رویوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، تاکہ متاثرہ افراد باوقار زندگی گزار سکیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ حکومت مرگی کے مریضوں کو معیاری اور مفت علاج کی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ بروقت تشخیص اور باقاعدہ علاج سے مرگی کے مریض معمول کی زندگی گزار سکتے ہیں، لہٰذا عوام کو چاہیے کہ وہ اس بیماری سے متعلق توہمات اور غلط فہمیوں سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرپل ڈے منانے کا مقصد مرگی سے متعلق عالمی سطح پر آگاہی کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے سرکاری اسپتالوں میں نیورولوجسٹ اور ضروری ادویات دستیاب ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم سب کو مل کر ایک صحت مند اور مرگی سے آگاہ سماج کی تشکیل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 17

کی جنرل نشست خالی قرار دے دی گئی۔

بقیہ نمبر 18

کوشش ہوگی اچھی کرکٹ کھیلیں، کراؤڈ کے ہونے سے حوصلہ ملتا ہے، راولپنڈیز ٹیم کے کپتان محمد رضوان بولے پاکستان ٹیم کا کمبی نیشن ٹھیک نہیں بن رہا اس وجہ سے پرفارمنس بہتر نہیں ہورہی۔ ملتان سلطانز کے کپتان ایشٹن ٹرنر کا کہنا ہے پی ایس ایل میں نئی ذمہ داری ملی ہے کوشش ہوگی اچھے طریقے سے نبھاں، حیدرآباد کنگز مین کے کپتان مارنس لبوشین نے کہا ہر گیم پریشر گیم ہوتی ہے، بڑے پلیٹ فارم پر پرفارم کرنا پڑتا ہے۔ کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر کہتے ہیں ہماری ٹیم میں اچھے کھلاڑی ہیں۔

بقیہ نمبر 19

ہوئے عینا آصف کا کہنا تھا کہ بظاہر سینئر اداکاروں کو احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، لیکن عملی طور پر کئی مواقع پر وہ جونیئرز کے لیے غیر آرام دہ صورتحال پیدا کر دیتے ہیں۔ ان کے مطابق بعض تجربہ کار فنکار چھوٹی چھوٹی باتوں پر ٹوکنے یا مذاق اڑانے کے ذریعے نئے اداکاروں کا اعتماد متاثر کرتے ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ خاص طور پر جذباتی مناظر کے دوران ایسی مداخلت زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ کسی سنجیدہ سین کی تیاری کر رہی ہوتی ہیں تو بعض افراد اچانک سیٹ چھوڑ دیتے ہیں یا قریب کھڑے ہو کر اونچی آواز میں گفتگو شروع [illegible] اداکار اپنا ڈائیلاگ پوچھ کر یا درمیان میں بات کر کے ان کی توجہ ہٹا دیتا ہے، جس سے ان کا فلو ٹوٹ جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 20

تقریباً 51,000 جانیں لے لیتی ہے اور ایک چوتھائی مریض صحت کے نظام سے باہر رہتے ہیں، ماہرین نے عالمی یوم ٹی بی کے ایک پروگرام میں انکشاف کیا۔ آج ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی ایک رپورٹ کے مطابق، ان واضح اعداد و شمار کو ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (DUHS) میں اوجھا انسٹی ٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز (OICD) کے زیر اہتمام ایک آگاہی واک کے دوران اجاگر کیا گیا۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے، DUHS کی وائس چانسلر پروفیسر نازلی حسین نے تپ دق کو ایک سنگین عالمی چیلنج قرار دیا اور مربوط کوششوں کے ذریعے 2035 تک اس بیماری کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی عزم کا اعادہ کیا۔ پروگرام میں پیش کیے گئے اعداد و شمار نے ایک تشویشناک تصویر پیش کی، جس میں پاکستان ٹی بی کے پھیلاؤ میں عالمی سطح پر پانچویں نمبر پر ہے۔ قومی سطح پر شرح امراض 266 کیسز فی 100,000 آبادی ہے، جو کہ 134 فی 100,000 کی عالمی اوسط سے تقریباً دوگنا ہے۔ ہر سال ملک میں تقریباً 497,700 ٹی بی کے کیسز رپورٹ ہوتے ہیں، جن میں سے اندازاً 25.6 فیصد مریضوں کی تشخیص نہیں ہو پاتی یا وہ رپورٹ نہیں ہوتے۔ ان کیسز میں 10 سے 15 فیصد بچے شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 21

کے جج اشفاق احمد نے چودھری پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت کی۔ ملزمان کی جانب سے رانا فرخ ایڈووکیٹ پیش ہوئے، عدالت نے شریک ملزم فرحان، واجد علی سمیت دیگر کی حاضری مکمل کی، عدالت نے چودھری پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔

بقیہ نمبر 22

جبکہ فہمیدہ صوفی اور ناہیدہ نسرین کو 30، 30 کی سزا سنائی گئی۔ وفاقی وزیر برائے امور کشمیر نے کہا کہ حکومت پاکستان کی طرف سے اس فیصلے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور ایسے فیصلوں کو مسترد کرتے ہیں، اس سے نظر آ رہا ہے کہ بھارتی عدالتیں آزاد نہیں ہیں۔ امیر مقام کا کہنا تھا کہ آسیہ اندرابی کے خلاف کوئی مقدمہ نہیں صرف انھوں نے آزادی اور حق کی بات کی ہے، بھارت کا اصلی چہرہ دنیا کے سامنے آ گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بھارت کئی دہائیوں سے ظلم و بربریت کر رہا ہے، یہ بھارت کی خام خیالی ہے کہ وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا دیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ ان خواتین کو کشمیریوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد کرنے کی پاداش میں یہ سزا سنائی گئی۔ امیر مقام نے کہا کہ بھارت کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان سزاں کے ذریعہ وہ کشمیریوں کی حق خودارادیت کی تحریک کو ختم نہیں کرسکتا۔

بقیہ نمبر 23

وزیراعظم کی امن وامان کے لیے کوارڈینیشن ہونی چاہیے، ہم امن کے معاملے پر سہیل آفریدی کے ساتھ ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 13 سالوں میں خیبر پختونخوا میں ایک اسپتال نہیں جہاں بانی کا علاج ہو سکے؟ بانی کا علاج آج بھی اسلام آباد کے اسپتال میں ہورہا ہے۔ گورنر کے پی نے کہا کہ آج سپر پاورز بھی پاکستان پر ٹرسٹ کر رہی ہیں، فیلڈ مارشل کا کردار دنیا بھر میں مانا جا رہا ہے اور بہترین سفارتکاری سے پورے خطے میں پاکستان کا تاثر بہتر ہوا ہے، امن کے لیے کوششیں رنگ لائیں گیں۔ انہوں ں ے کہا کہ افغانستان میں طالبان حکومت نے جو وعدے کیے پورے نہیں کیے، پاکستان کو افغانستان میں جہاں دہشت گردوں کے ٹھکانے ملیں گیں وہاں اسٹرائیک ہوں گی۔ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے کے ثبوت ملے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ افغانستان کی دہشت گردی کے شواہد قطر، ترکیہ اور دیگر ہمسایہ ممالک کو دیے۔ دوحہ طالبان مذاکرات سے بھی افغان حکومت پیچھے ہٹ گئی۔ گورنر خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ طورخم بارڈر صرف افغان مہاجرین کی واپسی کے لیے کھول رہے ہیں، باقاعدہ طور پر طورخم بارڈر کھولنے کا فیصلہ نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 24

گیس حاصل ہوگی، گیس دریافت توانائی کے بحران اور درآمدی ایندھن پر انحصار پر کمی میں مددگار ہوگی۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کا کہنا ہے کہ گیس دریافت سجو ون ایکسپلوریٹری کنویں سے ہوئی ہے۔ ماہر توانائی و معیشت محمد عارف کے [illegible]

بقیہ نمبر 25

عدم حاضری پر ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد کے سول جج عباس شاہ نے سہیل آفریدی کیخلاف درج مقدمہ کی سماعت کی۔ عدالت نے کیس میں عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 9 اپریل تک ملتوی کردی۔ سہیل آفریدی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت این سی سی آئی اے نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ نمبر 26

تنقید سب کا حق ہے، لیکن ملک کا وقار داؤ پر نہیں لگایا جا سکتا، قومی مفاد سب سے مقدم ہے اور کوئی سیاسی جماعت یا شخصیت ملک سے مقدم نہیں ہو سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سب مملکت پاکستان کے مرہون منت ہیں، اور سیاسی مخالفت میں ملک کی تضحیک ناقابل برداشت ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ معرکہ حق کی فتح نے پاکستان کا مقام بڑھایا ہے، موجودہ صورتحال میں ملک کے خلاف پروپیگنڈا قابل قبول نہیں اور شخصیت یا انا پرستی ملک کے لیے نقصان دہ ہے، انہوں نے ملک کیخلاف بات کرنے والوں کو شرم آنے کی تلقین بھی کی۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے بیٹوں کو نائیکوپ پر پاکستان آنے کا کہا گیا تاہم وہ نائیکوپ کے بجائے دیگر ذرائع پر لگے رہے، پاکستان کو دنیا بھر میں ایک ذمہ دار ملک سمجھا جاتا ہے اور پی ٹی آئی نے اپنے دور میں ملک کو ڈیفالٹ کے دھانے پر لا کھڑا کیا، یہاں تک کہ دعائیں کی گئیں کہ پاکستان ڈیفالٹ کر جائے، لیکن شہباز شریف حکومت نے ملک کو ڈیفالٹ سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی صورتحال کی پوری دنیا نے تعریف کی ہے، برآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے، اگر پاکستان ڈیفالٹ کر جاتا تو سب کا نقصان ہوتا، 2024 میں پی ٹی آئی نے پاکستان کا جی ایس پی پلس سٹیٹس واپس لینے کی کال دی جس سے ایکسپورٹرز کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ بعض عناصر بیرون ملک پاکستان کے خلاف مہم چلاتے رہے، انہوں نے عارف اجاکیہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ برطانیہ میں بھارت کے حق میں کمپین چلاتے اور پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرتے رہے ہیں، جبکہ زلفی بخاری اینڈ کمپنی پر بھی پاکستان مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے اسرائیل کی مذمت نظر نہیں آئی، یہ لوگ پاکستان کے خلاف جتنی سازش کریں گے پاکستان اتنا ہی اوپر جائے گا، پی ٹی آئی نے اپنے دور میں پچاس لاکھ گھروں کا نعرہ لگایا لیکن چار سال میں ملک کو شدید نقصان پہنچایا۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کو لیٹر لکھنا اور پاکستان کے ڈیفالٹ کی دعائیں کرنا پی ٹی آئی کا وطیرہ رہا ہے، ایسی سازشوں کی نہ کوئی گنجائش ہے اور نہ ہی اس طرح کی کوئی گنجائش چھوڑیں گے، پاکستان ان تمام کوششوں کے باوجود مضبوط رہے گا۔

بقیہ نمبر 27

سے اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس کے مطابق ٹیکنالوجی کے استعمال سے عدالتی خدمات کو موثر، قابل رسائی اور بلا تعطل بنایا جا رہا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق مختلف شہروں سے وکلا اور سائلین کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہونے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، ویڈیو لنک سہولت سے دور دراز علاقوں کے سائلین کے اخراجات اور سفری مشکلات میں کمی آئے گی۔ 24 مارچ کو ہونے والی سماعت میں کوئٹہ، حیدرآباد اور کراچی سے وکلا ویڈیو لنک پر پیش ہوئے، ویڈیو لنک سہولت کی توسیع لا اینڈ جسٹس کمیشن کے اصلاحاتی فریم ورک کا حصہ ہے۔ اعلامیہ کے مطابق ہائیکورٹ کی رجسٹریوں میں جہاں سپریم کورٹ برانچ دستیاب نہیں وہاں ٹیکنالوجی کے ذریعے رابطہ بڑھایا جا رہا ہے، حکومتی کفایت شعاری اور توانائی بچت اقدامات کے تحت کیس مینجمنٹ میں بہتری لائی گئی ہے۔ ہفتہ وار کام کے دن 5 سے کم ہو کر 4 ہونے پر کیسز کی ریڈولنگ کی گئی ہے، چار ورکنگ ڈیز میں کیسز کی تعداد کو اس طرح تقسیم کیا گیا ہے کہ سائلین کو بروقت سماعت مل سکے۔ سپریم کورٹ کے اعلامیہ کے مطابق ڈیجیٹل سہولیات اور بہتر شیڈولنگ سے عدالتی نظام پر عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 28

غیر مہذب بیان پر شدید ردعمل کا سامنا ہے، یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب پاکستان، امریکہ اور ایران کے درمیان سفارتی رابطوں میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ بھارتی وزیر خارجہ کے بیان پر بھارتی [illegible] کہا کہ پاکستان کو ایران کے ساتھ مذاکرات کے لیے منتخب کیا جانا اور بھارت کا باہر رہنا مودی حکومت کی ناکامی ہے۔ کانگریسی ممبر سپریا شری نیتے نے سوال اٹھایا کہ روس یوکرین جنگ میں ثالثی کی پیشکش یا جنگ رکوانے کے بھارتی دعوی کو کیا نام دیا جائے؟۔ کانگریسی ممبر پون کھیرا نے کہا کہ مودی کی روس اور یوکرین کے درمیان ثالثی کی کوشش کے وقت کیا بھارت ایک بروکر ملک نہیں تھا؟۔ بھارتی تجزیہ نگار اشوک سوائن کا کہنا ہے کہ جے شنکر کے نازیبا الفاظ محض سڑک کی زبان ہے، کسی وزیر خارجہ کے شایان شان نہیں۔ عالمی ماہرین کے مطابق جے شنکر کا حالیہ بیان اپریل 2022 میں روس اور یوکرین کے درمیان ثالثی کی خواہش والے بیان سے یکسر متصادم ہے، جے شنکر کا غیر سفارتی بیان ہزیمت چھپانے کا ایک دفاعی ردعمل ہے، حالیہ خلیجی بحران میں بھارت کو مرکزی کردار نہ ملنا بھارت کی سفارتی ناکامی ہے، بھارتی وزیر خارجہ کے بیان نے نام نہاد امن کے دعویدار بھارت کی سفارتی ساکھ اور سنجیدگی پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔

بقیہ نمبر 29

شروع کردی گئی۔ ابتدائی سرکاری تفصیل میں بتایا گیا ہے کہ ملبہ سوہان سٹریٹ پر گرا، جس کے نتیجے میں جانی نقصان اور زخمیوں کے علاوہ کچھ گاڑیاں بھی متاثر ہوئیں۔ حکام نے اس مرحلے پر بنیادی حقائق ہی جاری کیے ہیں اور مزید معلومات سرکاری اپ ڈیٹس کے ساتھ سامنے آنے کی توقع ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب یو اے ای پر 28 فروری سے جاری ایرانی حملوں کا 27 واں دن بنتا ہے۔ وام کی سابقہ سرکاری اپڈیٹس کے مطابق ایرانی میزائلوں اور ڈرونز کے حملے 28 فروری سے جاری ہیں اور تازہ واقعہ اسی وسیع تر علاقائی کشیدگی کے پس منظر میں پیش آیا ہے۔ اس لیے ابوظبی کا یہ واقعہ صرف ایک مقامی حادثہ نہیں بلکہ خطے کی جاری سکیورٹی صورتحال سے جڑا ہوا واقعہ سمجھا جا رہا ہے۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ واقعے کے بعد فوری رسپانس دیا گیا اور متعلقہ ادارے صورت حال سے نمٹنے میں متحرک رہے، موجودہ مرحلے پر خبر کو سخت factual انداز میں ہی دیکھا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 30

ہیں تاکہ خطے میں جاری کشیدگی کو جلد از جلد ختم کیا جا سکے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان خطے اور اس سے باہر امن واستحکام کو فروغ دینے کیلئے اپنے عزم پر سختی سے کاربند ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے ہر ممکن سفارتی کوششیں جاری رکھنے کیلئے پرعزم بھی ہے۔ نائب وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ پیچیدہ حالات میں مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد راستہ ہے جس کے ذریعے خطے میں پائیدار امن کو یقینی بنایا جا سکتا ہے اور جاری تنازعات کو حل کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 31

کے قریب دو حصوں میں تقسیم ہونے کے بعد پٹڑی سے اتر گئی تھی۔ ٹرین کی کوچز ٹریک سے اترنے کے بعد الٹ گئی تھیں جس کے سبب درجنوں مسافر زخمی ہوئے جبکہ دونوں ٹریک بند ہونے سے مسافر ٹرینیں گھنٹے مختلف اسٹیشنز پر رکی رہیں۔

بقیہ نمبر 32

بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، اور اس سلسلے میں سفارتی سطح پر اہم پیش رفت جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف مختلف ممالک کے سربراہان سے مسلسل رابطے میں ہیں، انہوں نے سعودی ولی عہد سے موجودہ صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی، جبکہ ایران کے صدر کے ساتھ بھی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ ناروے، سعودی عرب اور آذربائیجان سمیت مختلف ممالک کے ساتھ بھی سفارتی روابط استوار کیے گئے ہیں۔ ترجمان نے بریفنگ میں بتایا ہے کہ وزیراعظم نے لبنان، مصر اور بنگلا دیش کے رہنماں سے بھی بات چیت کی ہے۔ طاہر حسین اندرابی کا کہنا تھا کہ نائب وزیراعظم بھی سفارتی محاذ پر متحرک ہیں اور خطے کے ممالک کے ساتھ رابطوں میں مصروف ہیں، پاکستان مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مساجد، خواتین اور بچوں پر حملوں کے خلاف آواز بلند کر رہا ہے، ترجمان نے سری نگر کی تاریخی جامع مسجد کی بے حرمتی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسجد کو سیل کرنا گہری تشویش کا باعث ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم بھارت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بنیادی انسانی حقوق کو یقینی بنائے۔

بقیہ نمبر 33

[illegible]

بقیہ نمبر 34

بنائیں اور بلا خلل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ ہفتوں کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی وافر مقدار میں سپلائی کو محفوظ بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم، معاون خصوصی طارق باجوہ، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور اور متعلقہ وفاقی سیکرٹریوں نے بھی شرکت کی۔ علاوہ ازیں صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ دریں اثناء پاکستان نے امریکا اور ایران مذاکرات میں ثالثی کی تصدیق کر دی۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے خاتمے کیلئے مذاکرات سے متعلق میڈیا میں موجود غیر ضروری قیاس آرائیوں کی تردید کرتے ہوئے تصدیق کی ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان بالواسطہ بات چیت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس اہم عمل میں ایک ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے، جہاں فریقین کے مابین پیغامات پہنچائے جا رہے ہیں اور اس تناظر میں امریکا نے 15 نکات پیش کئے ہیں جن پر ایران غور کر رہا ہے۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ اس امن اقدام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے برادر اسلامی ممالک ترکیہ اور مصر سمیت دیگر ریاستیں بھی بھرپور تعاون فراہم کر رہی ہیں تاکہ خطے میں جاری کشیدگی کو جلد از جلد ختم کیا جا سکے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کو فروغ دینے کیلئے اپنے عزم پر سختی سے کاربند ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے ہر ممکن سفارتی کوششیں جاری رکھنے کیلئے پرعزم بھی ہے۔ نائب وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ پیچیدہ حالات میں مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد راستہ ہے جس کے ذریعے خطے میں پائیدار امن کو یقینی بنایا جا سکتا ہے اور جاری تنازعات کو حل کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 35

کم عمری کی شادی پر سزا ہوسکتی ہے، نکاح ختم نہیں ہوسکتا، کم عمری کی شادی پر قانون میں صرف فوجداری سزا کا تذکرہ موجود ہے۔ چائلڈ میرج ایکٹ 1929 میں کم عمری کا نکاح ختم ہونے کا کوئی ذکر موجود نہیں۔ کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے ماریہ بی بی کا قبول اسلام اور شہریار نامی لڑکے سے نکاح درست تسلیم کرلیا اور اپنے فیصلے میں کہا کہ ماریہ نے نکاح سے پہلے اسلام قبول کیا جس کا ڈیکلریشن بھی موجود ہے۔ حبس بے جا کی درخواست میں لڑکی کی عمر، دارالافتا کی دستاویز کی درستگی کا جائزہ نہیں لیا جا سکتا۔ فیصلے کے مطابق آئینی تشریح کے لیے حتمی فورم سپریم کورٹ نہیں بلکہ وفاقی آئینی عدالت ہی ہے۔ سپریم کورٹ سمیت تمام عدالتیں آئینی عدالت کا حکم ماننے کی پابند ہیں۔ آئینی عدالت سپریم کورٹ کے وضع کردہ اصولوں پر عملدرآمد کی پابند نہیں۔ سپریم کورٹ کے جو فیصلے آئین یا قانون سے متصادم ہوں، آئینی عدالت وہ نظیریں ماننے کی پابند نہیں۔ واضح رہے کہ لاہور کی رہائشی ماریہ بی بی نے اسلام قبول کرکے شہریار نامی لڑکے سے شادی کی تھی۔ بعد ازاں ماریہ کے والد نے اغوا کا مقدمہ جولائی 2015 میں درج کروایا، جسے خارج کر دیا گیا تھا۔ ماریہ نے عدالت میں بیان دیا تھا کہ اس نے مرضی سے شادی کی ہے اور اسے اغوا نہیں کیا گیا۔ بعد ازاں ماریہ کے والد نے کم عمر ہونے پر حبس بیجا کی درخواستیں دائر کیں، جو آئینی عدالت تک سے خارج ہوگئیں۔ عدالت کے مطابق لڑکی کے والد نے ایف آئی آر میں بیٹی کی عمر 13 سے 14 سال جب کہ دلائل میں 12 سال 9 ماہ بتائی۔ عدالت نے قرار دیا کہ والد کے بیانات میں تضاد ہے۔ نادرا ریکارڈ کے مطابق ماریہ بی بی اور اس کی چھوٹی بہن کی عمر میں 8 ماہ سے کم کا فرق ہے۔ جن دستاویزات پر انحصار کیا گیا، وہ شک سے بالاتر نہیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے کہا کہ لڑکی نے مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہو کر بیان دیا کہ اس نے اپنی مرضی سے بغیر کسی دباؤ کے نکاح کیا ہے۔

بقیہ نمبر 36

ایرانی عہدیدار کا کہنا تھا کہ امریکی تجاویز صرف امریکا اور اسرائیلی مفاد میں ہیں۔ پاکستان کو موقف دیا تھا کہ امریکی تجاویز میں ضروری تقاضوں کی کمی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی تک مذاکرات کے لیے کوئی انتظام نہیں ہوا ہے۔ اس مرحلے پر بات چیت کا کوئی منصوبہ ہی نظر نہیں آتا ہے۔ ایرانی عہدیدار کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ امریکا اور ایران کے درمیان گراؤنڈ بنانے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ عہدیدار نے کہا کہ سفارت کاری کا عمل رکا نہیں، امریکا حقیقت پسندی کا مظاہرہ کرے تو راستہ نکالا جاسکتا ہے۔ علم میں رہے کہ امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ایران اور امریکا مذاکرات اسلام آباد میں متوقع ہیں۔ پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کرنے کی پیشکش کی تھی، جبکہ ترکیہ اور مصر بھی ثالثی کی کوششوں میں شامل ہیں۔ امریکا کی جانب سے جنگ بندی کیلیے ایران کو 15 تجاویز دی گئی تھیں جنہیں ایران نے نامناسب قرار دیتے ہوئے ناصرف مسترد کردیا بلکہ جنگ بندی کیلیے اپنی پانچ شرائط رکھ دیں۔

بقیہ نمبر 37

کی مجموعی صورتحال اور اس کے پاکستان کی سلامتی، معیشت اور خوراک کے نظام پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس بات پر زور دیا کہ موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط قومی حکمت عملی ناگزیر ہے۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ معاشی نظم و نسق، توانائی منصوبہ بندی، خوراک کی سکیورٹی اور سکیورٹی پالیسیز کو ہم آہنگ رکھنا ضروری ہے تاکہ موجودہ حالات کا مؤثر مقابلہ کیا جا سکے۔ اعلیٰ سطح اجلاس میں قومی اتفاق رائے کو برقرار رکھنے اور اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ اجلاس میں عوام کو ایندھن کے کم استعمال، پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ اور کار شیئرنگ جیسے اقدامات اپنانے کی ترغیب دینے پر بھی زور دیا گیا۔ اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ حکومتی فیصلوں میں عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا اور موجودہ معاشی و توانائی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جامع اور مربوط حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق دوران اجلاس وزیراعظم نے اہم ملاقات میں خطے کی بدلتی صورتحال اور ثالثی کے معاملات پر صدر مملکت کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں ملکی سلامتی اور قومی معاشی و سیاسی صورتحال پر بھی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں پاکستان کی جانب سے ممکنہ مذاکرات کی میزبانی کے حوالے سے مختلف اہم امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔

بقیہ نمبر 38

ناکام رہا ہے، امریکا کی موجودگی کے باوجود خطے میں سکیورٹی صورتحال بہتر نہیں ہوسکی۔

بقیہ نمبر 39

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ بھی ان کے ساتھ ہیں۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے صدر مملکت آصف علی زرداری کو خطے کی بدلتی صورتحال اور ثالثی کے معاملات پر بریفنگ دی گئی، ملاقات میں ملکی سلامتی، قومی معاشی و سیاسی صورتحال پر بھی مشاورت ہوئی۔ دوسری جانب ایوان صدر میں قومی قیادت کا اہم اجلاس طلب کیا گیا

بقیہ نمبر 40

جتنے کورونا وبا کے تھے۔ جمعرات کو ماسکو میں تاجر رہنماں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر پیوٹن نے کہا کہ جو تنازع میں شامل ہیں وہ خود بھی نتیجہ پوری طرح نہیں بتاسکتے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایران جنگ کے نتائج اتنے ہی سنگین ہو سکتے ہیں جتنے کورونا وبا کے تھے۔ کورونا وبا سے تمام خطوں اور براعظموں کی ترقی سست ہوگئی تھی، تنازع سے بین الاقوامی لاجسٹکس، پروڈکشن اور سپلائی چینز کو نمایاں نقصان ہو رہا ہے۔ روسی صدر نے کہا کہ اس نقصان سے ہائیڈروکاربن، دھاتوں اور کھاد کی کمپنیوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ روس کو چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مضبوط اور متحد ہونا ہوگا۔

بقیہ نمبر 41

پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کے بچوں نے جنیوا میں پاکستان مخالف کوئی بات نہیں کی نہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف اور عطا تارڑ پاناما لیکس کا حساب دیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آپ کے لیڈر مری میں کس سے ملاقاتیں کرتے تھے؟ بھارت نے کلبھوشن کیس میں نواز شریف کا بیان عالمی عدالت میں استعمال کیا۔

بقیہ نمبر 42

زدہ ہیں، کوئی سپریم لیڈر بننے کو تیار نہیں، ایرانی لیڈر سے کہو کہ سپریم لیڈر بن جاؤ تو وہ شکریہ کے ساتھ انکار کر دیتا ہے، ایران خود مجھ سے بات کرنا چاہتا ہے اور جنگ کے خاتمے کے لیے معاہدہ کرنا چاہتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران فوری ڈیل چاہتا ہے مگر اندرونی خوف کے باعث کھل کر بات نہیں کر رہا، مشرق وسطیٰ میں ہماری کامیابی بے مثال ہے۔ ایک اور بیان میں ٹرمپ کا کہنا تھا کہ نیٹو ممالک نے ایران کے معاملے میں بالکل بھی مدد نہیں کی، [illegible] چیز کی ضرورت نہیں، نیٹو کی ضرورت نہیں لیکن امریکا اس وقت کو کبھی نہیں بھولے گا۔

سندھ تاجر اتحاد

شاپنگ مالز اور مارکیٹیں ساڑھے 8 بجے بند کرنے کیلئے تیار ہیں

اگر وفاق اور سندھ حکومت رات 8 بجے کاروبار بند کرنے کا فیصلہ کرتی ہے تو تاجر برادری اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کرے گی، چیئرمین سندھ تاجر اتحاد شیخ حبیب

دنیا اس وقت حالتِ جنگ میں ہے، ہمیں سیاسی اختلافات بھلا کر صرف ملک کا سوچنا ہوگا، صدر الائنس آف مارکیٹ اینڈ مال ایسوسی ایشن فہیم نوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تاجر برادری نے حکومت کے اسمارٹ لاک ڈاؤن کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا رات ساڑھے 8 بجے شاپنگ مالز اور مارکیٹیں بند کرنے کے لیے تیار ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں توانائی کی بچت اور فیول کرائسس سے نمٹنے کے لیے کراچی کی تاجر برادری نے حکومت کے ممکنہ لاک ڈاؤن اور کاروباری اوقات میں تبدیلی کی مکمل حمایت کر دی ہے۔ چیئرمین سندھ تاجر اتحاد اور صدر آل صدر الائنس آف مارکیٹ اینڈ مال ایسوسی ایشن نے واضح کیا ہے کہ ملکی مفاد میں تاجر برادری حکومت کے ساتھ کھڑی ہے۔ چیئرمین سندھ تاجر اتحاد شیخ حبیب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے توانائی کی بچت کے لیے کیے جانے والے اقدامات وقت کی ضرورت ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر وفاق اور سندھ حکومت رات 8 بجے کاروبار بند کرنے کا فیصلہ کرتی ہے تو تاجر برادری اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کرے گی، یہ اقدامات ملک کو درپیش توانائی کے بحران سے نکالنے کے لیے ضروری ہیں۔ صدر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

عظمی بخاری کی پریس کانفرنس جھوٹ کا پلندہ، حقائق کے منافی اور محض سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ہے، شفیع جان

پشاور (ویب ڈیسک) معاون خصوصی برائے اطلاعات شفیع جان کا عظمی بخاری کی پریس کانفرنس پر ردعمل، کہا عظمی بخاری کی پریس کانفرنس جھوٹ کا پلندہ، حقائق کے منافی اور محض سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ہے۔ ذاتیات پر مبنی سیاست جعلی وزرا کا انتہائی منفی اور افسوسناک

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

پاکستان کے ذمہ دارانہ مقف، اقدامات کو سراہتے ہیں، سعودی سفیر

بین الاقوامی قانون کا احترام ہم سب کے مستقبل کے تحفظ کیلئے ناگزیر ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان میں سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے کہا ہے کہ پاکستان کے ذمہ دارانہ مقف اور مسلسل دانشمندانہ سفارتی اقدامات کو سراہتے ہیں۔ سعودی سفیر نے کہا کہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک پر ایرانی حملے تشویشناک ہیں، حملے خودمختار ریاستوں کے خلاف بلاجواز جارحیت ہیں، حملوں میں رہائشی علاقوں، ہوائی اڈوں، شہری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ نواف بن سعید المالکی نے کہا کہ حملے بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، یہ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

دریائے سندھ کے پانی کی سطح میں کمی، جامشورو میں مستقبل میں قلت کا اشارہ دیتی ہے

چیف منسٹر اور وزیراعظم کی کوارڈینیشن ہونی چاہیئے، فیصل کریم کنڈی

پی ٹی آئی والے کہتے ہیں جتنی دیر بانی جیل میں رہیں گے اتنا انکے مزے ہیں

پشاور (ویب ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ لگتا ہے پی ٹی آئی خود چاہتی ہے کہ بانی جیل میں رہیں، پی ٹی آئی والے کہتے ہیں جتنی دیر بانی جیل میں رہیں گے اتنا انکے مزے ہیں۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو میں گورنر کے پی نے کہا کہ بانی کو ان پر اتنا یقین نہیں کہ وہ پارلیمنٹ میں اپوزیشن لیڈر کا انتخاب کر سکیں، کفن باندھنے والی فورس لگتا ہے غائب ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ ایپکس کمیٹی کے اجلاس کے بعد سہیل آفریدی غائب ہوگئے، چیف منسٹر اور وزیر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اسلام آباد میں ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے ملاقات کر رہے ہیں

کشمیریوں کو جھوٹے مقدمات میں سزائیں دی جا رہی ہیں، امیر مقام

بھارتی عدالتیں کشمیریوں کیخلاف مذموم مقاصد کیلئے استعمال ہو رہی ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر امیر مقام نے کہا کہ بھارتی عدالتیں کشمیریوں کے خلاف مذموم مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی ہیں۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کی قیادت کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ کشمیری رہنماں کو جھوٹے مقدمات میں سزائیں دی جا رہی ہیں، بھارتی درندگی کے باوجود کشمیریوں کا جذبہ آزادی کم نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی عدالتوں نے آسیہ اندرابی کو عمر قید کی سزا سنائی۔ جبکہ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

وقت کے ساتھ خاموشی سے حالات کا سامنا کرنا سیکھ لیا ہے، اداکارہ عینا آصف

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ عینا آصف نے حالیہ گفتگو میں شوبز کی اندرونی فضا سے متعلق کچھ ایسے پہلو بیان کیے ہیں جو عام طور پر منظر عام پر نہیں آتے۔ انہوں نے خاص طور پر شوٹنگ کے دوران سینئر اداکاروں کے رویوں اور جونیئر فنکاروں کو درپیش مشکلات پر کھل کر بات کی۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

ٹھٹھہ حیدرآباد مین نیشنل ہائی وے پر واقع تاریخی نیو باران پل کی ازسرِ نو تعمیر کے لئے 2 ارب 6 کروڑ روپے منظور

رکن قومی اسمبلی و ممبر کمیونیکیشن سید ایاز حسین شاہ شیرازی نے پل کی تعمیر کیلئے ہنگامی بنیادوں پر وفاقی حکومت سے خطیر رقم سے اسکیم منظور کروائی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ حیدرآباد مین نیشنل ہائی وے پر تاریخی نیو باران پل، جو 1860 میں تعمیر کیا گیا تھا، کی ازسر نو تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ پل گزشتہ کئی برسوں سے خستہ حالی کا شکار تھا، جس کے باعث آئے روز ٹریفک حادثات معمول بن چکے تھے اور عوام شدید مشکلات کا سامنا کر رہے تھے۔ مقامی آبادی اور مسافروں کی جانب سے متعدد بار سڑک کو ڈبل کرنے اور پل کی نئی تعمیر کا مطالبہ کیا جا رہا تھا، جس پر عمل کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی و ممبر کمیونیکیشن سید ایاز حسین شاہ شیرازی نے ہنگامی بنیادوں پر وفاقی حکومت سے 2 ارب 6 کروڑ روپے کی خطیر رقم سے اسکیم منظور کروائی۔ اس منصوبے کے تحت نیو باران پل کی لمبائی 500 میٹر سے بڑھا کر 700 میٹر کی جائے گی، جبکہ اسے جدید تقاضوں کے مطابق تعمیر کیا جائے گا تاکہ ٹریفک کی روانی بہتر ہو اور حادثات میں نمایاں کمی لائی جا سکے گی۔ پل کی توسیع سے نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ ٹھٹھہ سے حیدرآباد آنے جانے والے ہزاروں مسافروں کو بھی سہولت میسر آئے گی۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی نے کہا کہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ان کی اولین ترجیح ہے، اور اسی مقصد کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی بوہارو کیٹی بندر میں 20 کروڑ روپے کی لاگت سے سڑک کی تعمیر مکمل کی جا چکی ہے، جس سے وہاں کے عوام کو نمایاں فائدہ پہنچا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیو باران پل کی تعمیراتی کام کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے گا اور امید ہے کہ یہ منصوبہ مئی یا جون تک پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ بہت جلد ٹھٹھہ حیدرآباد روڈ کو ڈبل کرنے کے لیے بھی وفاقی حکومت سے منظوری حاصل کر لی جائے گی، جس سے اس اہم شاہراہ پر ٹریفک کے مسائل مزید کم ہوں گے۔ علاقہ مکینوں نے پل کی تعمیر کے آغاز کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس منصوبے کی تکمیل سے نہ صرف حادثات میں کمی آئے گی بلکہ سفری سہولیات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

کئی روز پرانی 2 لاشیں برآمد، بارش کے پانی میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص ہلاک

مومن آباد فیروزن میں گھر سے ایک شخص کی 3 روز پرانی گلے میں پھندا لگی لاش ملی، کورنگی کازوے ندی سے ایک شخص کی کئی روز پرانی ڈوبی ہوئی لاش ملی

سلطان آباد چینی گودام کے قریب بارش کے پانی سے بھرے ہوئے گڑھے میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں 2 افراد کی کئی روز پرانی لاشیں برآمد ہوئی ہیں جب کہ بارش کے پانی میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ کورنگی کازوے ندی سے ایک شخص کی کئی روز پرانی ڈوبی ہوئی لاش ملی۔ صنعتی ایریا تھانے کی حدود میں لاش ملنے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچی اور قانونی کارروائی کے لیے لاش کو اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

عازمین کیلئے پاک حج ایپ پر میڈیکل فارم بھرنا لازمی قرار، سوالنامہ جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حج 2026 کے سلسلے میں عازمین کے لیے پاک حج ایپ پر میڈیکل فارم بھرنا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ وزارت مذہبی امور نے پاک حج ایپ پر میڈیکل سوالنامہ جاری کر دیا۔ ترجمان وزارت مذہبی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

سونے کی قیمت میں بڑی کمی کا ریکارڈ، فی تولہ 11 ہزار روپے سستا

عالمی مارکیٹ میں 110 ڈالر کی کمی سے فی اونس سونا 4455 ڈالر پر آ گیا

کراچی (ویب ڈیسک) ملک بھر میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں بڑی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے باعث زیورات کی مارکیٹ میں نئی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ آل پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق فی تولہ سونا 11 ہزار روپے سستا ہو کر 4 لاکھ 68 ہزار 262 روپے کی سطح پر آ گیا ہے۔ اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت 9 ہزار 430 روپے کی کمی کے بعد 4 لاکھ 1 ہزار 459 روپے ہو گئی۔ عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے، جہاں فی اونس

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

وزیراعظم سے چینی سفیر کی ملاقات، سی پیک 2 پر کام تیز کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف سے چینی سفیر جیانگ زیدونگ نے وزیراعظم ہاس اسلام آباد میں اہم ملاقات کی۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیراعظم

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

ریلوے حادثات میں اضافہ، کراچی سے لاہور جانے والی ٹرین دو حصوں میں تقسیم

حادثہ تب پیش آیا جب ٹرین خانیوال جنکشن کی لوپ لائن پر داخل ہونے لگی تھی، چلتی ٹرین کی کپلنگ اچانک ٹوٹنے سے قراقرم ایکسپریس دو حصوں میں تقسیم ہوگئی

ٹرین الگ ہونے سے مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، متعدد ٹرینیں مختلف اسٹیشنز پر روک دی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سے لاہور جانے والی قراقرم ایکسپریس خانیوال جنکشن کے قریب دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ حادثہ تب پیش آیا جب ٹرین خانیوال جنکشن کی لوپ لائن پر داخل ہونے لگی تھی، چلتی ٹرین کی کپلنگ اچانک ٹوٹنے سے قراقرم ایکسپریس دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ ٹرین الگ ہونے سے مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا تاہم خوش قسمتی سے کوئی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

کوئٹہ کے افق پر سیاہ بادلوں کا شاندار منظر

نے صوبہ سندھ کے ضلع خیرپور سے نئی گیس دریافت کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے صوبہ سندھ کے ضلع خیرپور سے نئی گیس دریافت کا اعلان کر دیا۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ کنویں سے یومیہ ایک کروڑ 27 لاکھ مکعب فٹ گیس

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

پاکستان افغانستان کی جنگ بندی کو مستقل کیا جائے، سراج الحق

لاہور (ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے پاکستان افغانستان کی جنگ بندی کو مستقل کیا جائے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا دنیا کا مستقبل پاکستان ایران اور افغانستان سے وابستہ ہے۔ ان تینوں ممالک نے اپنے سے بڑی طاقتوں کو

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

بانی کی رہائی کیلئے فورس بنانے کیخلاف درخواستگزار کی مہلت کی استدعا منظور

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کیخلاف بانی کی رہائی کیلئے فورس بنانے کیخلاف درخواستگزار کی ثبوت پیش کرنے کیلئے مہلت کی استدعا منظور کر لی۔ نجی ٹی وی چینل کے مطابق وفاقی آئینی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

وزیراعلیٰ سندھ کا عالمی یوم مرگی (Purple Day) کے موقع پر پیغام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم مرگی (Purple Day) کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مرگی ایک قابل علاج اعصابی بیماری ہے اور اس سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

منی لانڈرنگ کیس: پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور

لاہور (ویب ڈیسک) اسپیشل سینٹرل عدالت لاہور نے منی لانڈرنگ کیس میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سپیشل سینٹرل عدالت کے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

پاکستان ٹی بی کے پھیلاؤ میں عالمی سطح پر پانچویں نمبر پر آ گیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان صحت عامہ کے ایک شدید بحران کا سامنا کر رہا ہے کیونکہ یہ تپ دق (ٹی بی) کے سب سے زیادہ بوجھ والے سرفہرست پانچ ممالک میں سے ایک ہے، جہاں یہ بیماری سالانہ تقریباً

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

باہر بیٹھے بعض لوگ خودکو پاکستان سے مقدم سمجھتے ہیں، عظمی بخاری

دنیا کے بڑے ممالک پاکستان کی اہمیت سے آگاہ ہیں، وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراطلاعات پنجاب عظمی بخاری نے کہا ہے کہ باہر بیٹھ کر ہمیں نہ بتائیں کہ پاکستان کیلئے کیا ضروری ہے، بعض لوگ خود کو پاکستان سے مقدم سمجھتے ہیں۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وزیراطلاعات پنجاب عظمی بخاری کا کہنا تھا کہ دنیا کے بڑے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے سینیٹر مراد سعید کو نااہل قرار دے دیا

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا نوٹیفکیشن جاری، مراد سعید کو انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی سے 10 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی

نااہلی آئین کے آرٹیکل 63(1)(h) کے تحت عمل میں لائی گئی، خیبر پختونخوا سے سینیٹ کی جنرل نشست خالی قرار دے دی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سینیٹر مراد سعید کو نااہل قرار دے کر ڈی نوٹیفائی کر دیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن مراد سعید کو انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی سے 10 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ الیکشن کمیشن کے اعلامیے میں کہا گیا کہ نااہلی آئین کے آرٹیکل 63(1)(h) کے تحت عمل میں لائی گئی، خیبرپختونخوا سے سینیٹ کی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

لاہور بار ایسوسی ایشن کی جانب سے امریکی اور اسرائیلی اقدامات کے خلاف احتجاج کیا گیا

سرکاری و نجی اسکولوں، مدارس میں کھیلوں کی سرگرمیاں لازمی قرار

اسلام آباد میں آئندہ ماہ سے اسکول اسپورٹس ایئر کا آغاز کیا جائے گا، اجلاس میں فیصلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کے تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے فروغ کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی سیکریٹری بین الصوبائی رابطہ (آئی پی سی) محی الدین وانی کی زیر صدارت اہم اجلاس میں کھیلے گا اسلام آباد، تعلیم کے ساتھ، میدان میں ساتھ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

زلفی بخاری اور عمران خان کے بیٹوں کی سرگرمیاں واضح سیاسی ایجنڈے کی عکاس ہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سیاسی مقاصد کیلئے پاکستان کے قومی مفادات کو پس پشت ڈال کر ذاتی بیانیہ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایکس پر بیان میں کہا ہے کہ زلفی بخاری اور عمران خان کے بیٹوں کی حالیہ سرگرمیاں

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

جنگ بندی کا فیصلہ صرف ایران کی شرائط پر ہوگا، ایرانی حکام

ایران صدر ٹرمپ کو اجازت نہیں دے سکتا کہ وہ جنگ کے خاتمے کا وقت متعین کریں

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی حکام نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ جنگ بندی کا فیصلہ صرف ایران کی شرائط پر ہوگا، ایران جنگ کے دوبارہ آغاز کو روکنے کے ٹھوس اور ضمانت شدہ اقدامات کا مطالبہ کرتا ہے۔ ایرانی حکام نے بتایا کہ ایران نے امریکی تجاویز کا جائزہ لیا اور انہیں

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

مزدور حیدرآباد کے پکا قلعہ میں خاندانوں کی کفالت کے لیے رنگ برنگی چارپائی بنتے ہیں

پاکستان کو جو کردار ملا ہے، سیاسی زندگی میں نہیں دیکھا، طاہر اشرفی

امریکا بھی سمجھتا ہے اسلام آباد میں بات چیت ممکن ہے، کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علماء کونسل علامہ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس وقت جو کردار ملا ہے، وہ سیاسی زندگی میں نہیں دیکھا۔ اسلام آباد میں استحکام پاکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ امریکا بھی سمجھتا ہے اسلام آباد میں بات چیت ممکن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں اتحاد کی بات کرنے پر گولی چلائی جاتی تھی۔ انہوں نے خامنہ ای کو عالم اسلام کے عظیم قائدین میں سے ایک قرار دیا۔ چیئرمین پاکستان علما

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

بیروزگار مزدور جناح ٹاؤن کوئٹہ میں روزگار کے منتظر ہیں

29 لاکھ کی ڈکیتی میں ملوث برطرف پولیس اہلکار سمیت 3 ملزمان گرفتار

ملزمان سے 5 لاکھ نقدی، 3 پستول اور واردات میں استعمال 2 موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (ویب ڈیسک) 29 لاکھ روپے کی ڈکیتی میں ملوث سندھ پولیس کے برطرف اہلکار سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ کیماڑی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تینوں ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس حکام کے مطابق 11 مارچ کو شیر شاہ میں پیٹرول پمپ پر 5 ملزمان نے 29 لاکھ روپے چھینے تھے، گرفتار ملزمان میں پمپ کا سابق ملازم اور سندھ پولیس کا برطرف اہلکار بھی شامل ہے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ملزم بشیر سندھ پولیس کا برطرف اہلکار ہے جو گڈاپ میں 29 لاکھ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

پی ایس ایل کے پہلے دس سال بڑے کامیاب رہے، امید ہے اگلے دس سال بھی کامیاب رہیں گے، شاہین آفریدی



لاہور (ویب ڈیسک) دفاعی چیمپئن لاہور قلندر کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا کہ تیاری اچھی ہے کوشش ہوگی اچھی کرکٹ کھیلیں۔ دفاعی چیمپئن لاہور قلندرز کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا پی ایس ایل کے پہلے دس سال بڑے کامیاب رہے، امید ہے اگلے دس سال بھی کامیاب رہیں گے۔ پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم نے کہا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر18